DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 24-08-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔بلوچستان میں قیامت صغریٰ کے مناظروزیراعظم کی قوم سے بھرپور عطیات دینے کی اپیل،وزیراعظم شہباز شریف | انتخاب ودیگراخبارات |
| 2۔ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہروقت تیاررہنا چاہئے،قائم مقام گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔آبی گزرگاہوں پرتجاوزات ختم کرینگے،وزیراعلیٰ بلوچستان،معاونت میں اضافہ کردیا،کمانڈر12 کور | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔سندھ اور بلوچستان بارش سے تباہ عمران سیاست ترک کردیں،وفاقی وزیراحسن اقبال | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔حکومت کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت کرنا ہے،مولانا عبدالواسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔سیلاب سے لسبیلہ کا انفراسٹرکچر مکمل تباہ ڈونرز کا اجلاس بلارہے ہیں،قادر پٹیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔دھرنا شرکاء احتجاج ختم،اعتماد کریں،حکومت ان کے مسائل حل کریگی،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے وفاق سے رابطے میں ہیں،نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔بحالی کے کاموں میں مصروف قدرتی آفات کا مقابلہ صبروتحمل سے کیا جائے،حاجی طوراتمانخیل | مشرق ودیگراخبارارت |
| 10۔سیلاب سے متاثرہ افراد کوکسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے۔لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور | مشرق ودیگراخبارات |
| 11۔تنہا سیلاب کی تباہ کاریوں کا مقابلہ نہیں کرسکتے عالمی ادارے عوام کی مدد کیلئے آگے آئیں،ترجمان حکومت بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔بلوچستان میں بارش اور سیلاب مزید 4افراد جاں بحق،تعداد230ہوگئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے مثبت نتائج برآمد ہونگے،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔لسبیلہ کوئٹہ کراچی شاہراہ اور رابطہ سڑکوں کی بحالی پرتیزی سے کام جاری | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔ہائی کورٹ نے پی ڈی ایم اے سے ہرضلع کی الگ الگ رپورٹ طلب کرلی | سنچری ودیگراخبارات |
| 16۔بلوچستان میں سیلابی صورتحال کے پیش نظر پولیومہم ملتوی کردی گئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17۔پاک ایران میں تجارتی سرگرمیوں کوفروغ دینے اور باڈرپوائنٹس کھولنے کا معاہدہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 18۔وزیراعلیٰ پی ایس ڈی پی پر50فیصد کٹ لگا کر یہ رقم سیلاب زدگان پرخرچ کریں،نوشیروانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 19۔قومی جماعتوں ومیڈیا نے بلوچستان کونظرانداز کردیا،جماعت اسلامی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن و امان

کوئٹہ 20روز میں 14چورگرفتار 17 کلوچرس برآمد،ہرنائی کے علاقہ گچینہ میں دوگروپوں کے تصادم میں فائرنگ سے خاتون زخمی،گلستان میں فائرنگ کے واقعات میں ایک شخص جاں بحق 5زخمی،سیلابی ریلے میں بہہ جانے والے نوجوان کی اش مل گئی،کوئٹہ،لاپتہ افراد کے لواحقین کے مختلف شاہراہیں بند کردیں ٹریف درہم برہم،آل پارٹیز اور خوست ہرنائی کمیٹی کا زیارت کراس پردھرنے کا اعلان۔

## عوامی مسائل

کوئٹہ سیکورٹی کی آڑ میں ٹریفک نظام مفلوج ریڈزون کی شہر سے منتقلی کا مطالبہ،دکی بارشیں جاری میونسپل کمیٹی 19یونین کونسلرسمیت شدید متاثر،قلعہ عبداللہ توبہ اچکزئی گوال کے متاثرین مطالبات کے حق میں سراپا احتجاج۔

مورخہ 24-08-2022

## اداریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**پاک فوج سیلاب متاثرین کی ہر ممکن امداد جاری رکھے گی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ کور کمانڈر بلوچستان آصف غفور نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ عوام کو پاک فوج کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گی مشکل کی اس گھڑی میں عوام انتظامیہ کو ہمیشہ درمیان پائیں گے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے گزشتہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سیلاب کی صورتحال اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کیلئے ہزارہ ٹاؤن کا دورہ کیا اس موقع پر آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل امیر اجمل، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمٰن بلوچ، ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناڑر ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے رکن اسمبلی وسیکرٹری اطلاعات قادر نائل، رکن مرکزی کونسل داود چنگیزی اور ہزارہ برداری کے دیگر معززین بھی موجود تھے کور کمانڈر بلوچستان آصف غفور نے ہزارہ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سیلاب کی صورتحال اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور لوگوں میں گھل مل گئے۔ انہوں نے علاقے کے درپیش مسائل اور حالیہ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے متعلق آرگاہی حاصل کی اور ہر ممکن امدادی یقین دہانی کرائی اس موقع پر انہوں نے علاقہ مکینوں سے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ عوام کو پاک فوج کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور مشکل کی اس گھڑی میں عوام انتظامیہ کو ہمیشہ اپنے درمیان پائے گی۔ کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے اس عزان کا اعادہ کیا کہ پاک فوج سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد جاری رکھے گی۔

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان ترقیاتی منصوبے سیلابی تباکاری اور ڈونرز کانفرنس کا فیصلہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**وفاق سیلا ب زدگان کی کمل بحالی کیلئے پر عزم ھے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی :ڈونر کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر نیوز کوئٹہ نے "**سیلاب کی تباہ کاریاں اور سیاسی قیادت کی بے حسی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلو چستان اورجنوبی پنجاب میں آفت ،ڈونر کانفرنس ایک اچھا فیصلہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Food shortage**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان بورڈ آفس کوئٹہ کی طلباء وطالبات کے ساتھ ناروا سلوک** " کے عنوان سے جعفر قمبرانی کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بلوچستان میں سیلاب ومتاثرین کی امداد بحالی وزیر اعظم فنڈز ریلیف پیکج پر عملدرآمد کا آغاز** " کے عنوان سے عبدالواحد کا مضمون شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

Daily: ________

روزنامہ جنگ کوئٹہ بدھ 24 / اگست 2022ء

Dated: ________ Page No. 2

لاپتہ افراد کے لواحقین کا احتجاج صوبائی مسئلہ نہیں

# سیلابی صورتحال بڑا امتحان، ڈونرز کانفرنس بلائیں گے، قدوس بزنجو

عوام کو بے یارومددگار نہیں چھوڑ سکتے، کسی کو راشن کا نہیں کہیں گے، مظاہرین عوام کو اتنا تنگ نہ کریں کہ حکومت کو کارروائی کرنی پڑے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ سیلابی صورتحال بڑا امتحان ہے، حکومت اپنے وسائل سے بڑھ کر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کررہی ہے عوام کو بے یارومددگار نہیں چھوڑیں گے نقصانات کا تخمینہ لگا رہے ہیں صوبے میں بہت بڑی آفت آئی ہے ہمیں وفاق اور عالمی اداروں کی معاونت کی ضرورت ہے ہم ڈونرز کانفرنس بلائیں گے کسی کو یہ نہیں کہیں گے کہ ہمیں راشن دے ہم چاہتے ہیں کہ ڈونرز ری ہیبلیٹیشن کے عمل کا حصہ بنیں اگر ہمیں کہیں سے امداد نہیں بھی ملتی تو صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ ملکر عوام کو دوبارہ آباد کریگی، لاپتہ افراد کے لواحقین کا احتجاج صوبائی حکومت نہیں بلکہ وفاقی حکومت کا دائرہ کار ہے اس کے باوجود انہیں احتجاج کرنے کی اجازت دی ہے، مظاہرین عوام کو اتنا تنگ نہ کریں کہ حکومت کو کارروائی کرنی پڑے۔ این جی اوز، سوشل میڈیا کے ذریعے متاثرہ علاقوں میں جانے کے بجائے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کرے، بعض لوگ غلط اطلاعات پھیلا کر گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی، مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سمیت دیگر کے ہمراہ پی ڈی ایم اے کے دفتر میں اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے وسائل سے بڑھ کر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کرے گی، ہم متاثرین کے ساتھ ہیں۔ موجودہ صورتحال میں روڈ نیٹ ورک کی وجہ سے متاثرہ علاقے میں پہنچنا بھی مشکل کام ہے لیکن ہماری کوشش ہے کہ ہم متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں، انہوں نے کہا کہ ہم دیر سے ہی سہی لیکن عوام کو ریلیف دینے کے لئے ان تک پہنچے ضرور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اور دیگر این جی اوز کھانے، ٹسل سمیت دیگر اشیاء متاثرین میں تقسیم کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز کو بھی پیسے بھیج کر ہدایت کی ہے کہ جہاں این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے راشن نہیں پہنچا وہ خود خرید کر متاثرین تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والی بارشوں کے لئے تیاری کررہے ہیں جہاں کمی بیشی تھی اسے دور کریں گے، تمام وزراء اور اراکین اسمبلی اپنے علاقوں میں پہنچ گئے ہیں وہ بھی رہنمائی کررہے ہیں حکومت کہیں بھی کمی بیشی ہونے نہیں دے گی، پی ڈی ایم اے نے بلوچستان نے کم وسائل میں بہتر کردار ادا کیا ہے، نامساعد حالات کے باوجود ریسکیو کا کام کیا جارہا ہے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی ہے کہ کہیں بھی سڑکیں بند نہیں ہونی چاہئیں۔ ڈپٹی کمشنروں کو اختیار دیا ہے کہ وہ تمام وسائل بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ تنقید کرنا آسان ہے، حکومت تمام ریلیف کے کاموں کی نگرانی کررہی ہے اس کے بعد دوبارہ آبادکاری کا عمل ہوگا جو ایک مشکل مرحلہ ہے، وزیراعظم دوبارہ آبادی میں دلچسپی لے رہے ہیں جس پر انکے شکرگزار ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ سڑکوں کے ساتھ ٹرین سروس کو بہتر بنارہے ہیں تاکہ عوام کو آمدورفت میں مشکل پیش نہ آئے، انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ہماری مدد کی ہے، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور کو ہدایت کی ہے کہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے حکومت بلوچستان سے تعاون کریں جس پر انکا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ لسبیلہ میں عوام کو ریلیف فراہم کرتے ہوئے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی سمیت 6 افسروں کی شہادت بھی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑی تو سی 130 کو بھی استعمال میں لائیں گے جن علاقوں میں مسلسل بارشیں ہورہی ہیں وہاں پر عارضی پل بنائیں گے، قومی شاہراہیں کسی صورت بند نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو اب تک ریلیف سامان نہ ملنے کی شکایات نہیں ملی اگر کسی بھی علاقے سے شکایت ملی تو وہاں کا ڈپٹی کمشنر اپنے آپ کو معطل سمجھے۔ حکومت کو اس وقت عوام سمیت ہر طبقے کی مدد کی ضرورت ہے۔ ایک سوال کے جواب میں میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ لاپتہ افراد کے خاندانوں کو کبھی نہیں کہا کہ وہ احتجاج نہ کریں حکومت نے اپنی طرف سے کوئی کوتاہی نہیں کی، زیارت کے واقعہ پر اہم فیصلے کئے ہم نے کبھی عوام اور اداروں کے درمیان تفریق پیدا نہیں کی، زیارت واقعہ پر جوڈیشل کمیشن بنانے کا مقصد یہی تھا کہ کسی ادارے پر انگلی اٹھی ہے تو اس پر تحقیقات ہوں۔ ژوب کے مسئلے پر بھی جے آئی ٹی بنائی، خاران کے واقعہ پر بھی جے آئی ٹی بنائی گئی ہے مسنگ پرسنز کا پہلے ہی کمیشن بنا ہوا ہے یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہے، حکومت تحقیقات کررہی ہے ہم ہر روز مظاہرین کے پاس کمیٹی بھیج رہے ہیں ہمارا مقصد سیاسی طور پر مسائل حل کرنا ہے نہ کہ طاقت کا استعمال کرنا ہے۔ اتنے دن سے حکومت نے کوئی کارروائی نہیں کی جو چیز صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں نہیں ہے اس پر سڑک بند نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں بیٹھے اینکر پرسنز سے گزارش ہے کہ وہ چھوٹے معاملات کو عوام کے ذہنوں میں نہ ڈالیں، صوبے میں شفافیت اور بہتر حکمرانی کی جارہی ہے جہاں شکایت ملی وہاں کارروائی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ تمام لوگوں کو گھر بنا کر دیں گے، مال مویشی دیں گے، زرعی اراضی بحال کریں گے تمام لوگوں کے نقصانات کا ازالہ کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 4


قادر پٹیل

## سیلاب سے لسبیلہ کا انفراسٹرکچر مکمل تباہ، ڈونرز کا اجلاس بلا رہے ہیں

### وزارت صحت مشکل گھڑی میں سیلاب زدگان کیساتھ ہے، نیشنل ایمرجنسی پر کوئی سیاست نہیں ہونی چاہیے، وفاقی وزیر

### لسبیلہ میں ڈاکٹرز کی 12 رکنی ٹیم بھجوائی گئی تھی، ویکسین کی 30 ہزار ادویات کی ایک لاکھ خوراک کا ٹرک پہلے بھجوایا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ وزارت صحت اس مشکل گھڑی میں سیلاب زدگان کے ساتھ ہے، سیلاب زدگان کے لیے کل ڈونرز کا اجلاس بلا رہے ہیں، حالیہ سیلاب کے باعث تباہ کاریاں ہوئی ہیں، نیشنل ایمرجنسی پر کوئی سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب کے باعث تباہ کاریاں ہوئی ہیں، وزارت صحت مشکل گھڑی میں سیلاب زدگان کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع لسبیلا میں ڈاکٹرز کی 12 رکنی ٹیم بھجوائی گئی تھی۔ ویکسین کی تیس ہزار، ادویات کی ایک بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

لاکھ خوراکوں کا ٹرک پہلے بھجوایا، ویکسین کی مزید دو لاکھ خوراکیں بھجوائی گئی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 24 AUG 2022 Page No. 5(A)

# بحالی کے کاموں میں مصروف قدرتی آفات کا مقابلہ صبر و تحمل سے کیا جائے، حاجی طور اتمانخیل

**مصیبت کی گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، چنالی، درگی سرگرہ، پچھن، سرغنڈ کے متاثرہ علاقوں میں 800 خیمے و دیگر ضروری سامان تقسیم کر چکے ہیں، صوبائی وزیر صنعت و تجارت**

**کمشنر شاہد اللہ خان، ڈی سی ڈاکٹر عتیق الرحمان شاہوانی، اے سی، باپ پارٹی کے ورکرز سیلاب میں گھرے متاثرین کو ریسکیو کرنے میں مصروف ہیں۔**

**پی ڈی ایم کی جانب سے مزید امداد متاثرین میں تقسیم کی جائے گی، کٹوی کیمپ ندی اور لغی ڈیم کے قریب پھنسے بچوں کو بحفاظت جبکہ 2 بچوں کی نعشوں کو 18 گھنٹے کے بعد نکالا گیا ہے**

لورالائی (نامہ نگار) قدرتی آفات کا مقابلہ کرنا ممکن نہیں بارشوں اور سیلاب کے دوران صبر و تحمل سے کام لیا جائے مصیبت کی گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے سیلاب سے متاثرہ مختلف گاؤں چنالی، درگی سرگرہ، پچھن، سرغنڈ کے علاقے کے متاثرین میں اب تک 800 خیمے تقسیم کر چکے ہیں پی ڈی ایم کی جانب سے مزید امداد لورالائی کیلئے روانہ وہ بھی جلد متاثرین میں تقسیم کی جائے گی حاجی محمد خان طور اتمانخیل بی اے پی رہنما صوبائی وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ لورالائی انتظامیہ کمشنر شاہد اللہ خان، ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمان شاہوانی، اسسٹنٹ لورالائی جمیل بلوچ کی سربراہی میں میجر رسالدار، باپ پارٹی کے ورکرز دن رات ایک کر کے لورالائی کے دور دراز علاقوں کے متاثرین جو پانی میں گھرے ہوئے ہیں ان کو ریسکیو کر کے اسکولوں اور دیگر سرکاری عمارتوں میں منتقل کرنے میں مصروف ہیں نقصانات کا جائزہ لیکر متاثرین کو ہر ممکن امداد راشن ٹینٹ وغیرہ فراہم کر رہے ہے اب تک 800 خیمے تقسیم کر چکے ہیں دریں اثناء دو ناخوشگوار واقعات جو کلی لغی اور کٹوی میں پیش آئے وہاں اے سی بوری جمیل بلوچ، پولیس فورس کے ڈی ایس پی عثمان غنی، ایس ایچ او عبدالکریم مندوخیل باپ پارٹی کے ورکروں اور عوام نے کٹوی کیمپ ندی اور لغی ڈیم کے قریب پھنسے ہوئے بچوں کو بحفاظت نکالا جبکہ پانی میں بہہ جانے والے دو بچوں کی نعشوں کو بھی 18 گھنٹے کے بعد کلی لغی کے مقام سے نکال لیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:_________

2

Dated:________ Page No. 6

روزنامہ جنگ کوئٹہ بدھ 24 راگست 2022ء

## سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، چیف سیکرٹری

**گڈ گورننس کا موثر نظام متعارف، خدمات کی فراہمی پر شہریوں کا فیڈ بیک لینے کیلئے طریقہ کار اپنایا جائے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ عوام کی فلاح وبہبود اور ان کے مسائل کا فوری حل سرکاری افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے، افسران اپنے فرائض ایمانداری اور عوامی خدمت کے جذبہ کیساتھ انجام دیں۔ بلوچستان میں گڈ گورننس، سروس ڈلیوری کی بہتری کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 34ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ کوئٹہ میں تقسیم سرٹیفکیٹ ایوارڈ تقریب سے خطاب میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آفیسرز سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی اپنائیں جن کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آفیسرز فیصلہ لیتے وقت جائے وقوعہ دیکھ لیں تاکہ اس کو فیصلہ کرنے میں آسانی اور حقیقت کا مکمل ادراک ہو۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے ہم سب کو اس اعلیٰ مقام پر پہنچایا ہے تو ہمیں بھی چاہیے کہ عوام کی فلاح وبہبود کیلئے دن رات کام کریں اور ان سے احسن طریقے سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی میں چلغوزے کے جنگلات پر لگی آگ پر صوبائی حکومت نے بروقت اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا کر آگ پر قابو پالیا اور اللہ کے فضل و کرم سے جانی نقصان نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ تمام آفیسرز ایک خوشحال اور فلاحی ریاست کے قیام کے وژن اور بہتر طرز حکمرانی کی حکمت عملی کے تحت صوبے میں عوام کو جدید طرز پر خدمات کی شفاف اور تیز رفتار فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائیں اور اس مقصد کیلئے اپنی فیلڈ میں گڈ گورننس کا موثر نظام متعارف کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کا فیڈ بیک لینے کیلئے بھی مربوط طریق کار اپنایا جائے تاکہ خدمات کی فراہمی کے عمل کو مزید بہتر بنایا جاسکے اور عوامی تکالیف کا تیز رفتار ازالہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری خدمات کی فراہمی کیلئے نظر آنے والے اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نم محمد اسلم غنی ودیگر شرکاء نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ بدھ 24 اگست 2022ء

## عوام کوانکی دہلیز پر معیاری خدمات کی فراہمی کے اقدامات کیے جائیں، چیف سیکرٹری

عوام کی فلاح وبہبود اور انکے مسائل کا فوری حل سرکاری افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے، بلوچستان میں گڈ گورننس کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں

**آفیسرز فیصلہ لیتے وقت جائے وقوعہ دیکھ لیں تاکہ اس کو فیصلہ کرنے میں آسانی اور حقیقت کا مکمل ادراک ہو، عبدالعزیز عقیلی کا تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) عوام کی فلاح وبہبود اور ان کے مسائل کا فوری حل سرکاری افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے، افسران اپنے فرائض ایمانداری اور عوامی خدمت کے جذبہ کیساتھ سرانجام دیں۔ بلوچستان میں گڈ گورننس، سروس ڈلیوری کی بہتری کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے 34 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ کوئٹہ ......

بقیہ نمبر 9 صفحہ 10 پر

میں سرٹیفکیٹ ایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آفیسرز سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی اپنائیں جن کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آفیسرز فیصلہ لیتے وقت جائے وقوعہ دیکھ لیں تاکہ اس کو فیصلہ کرنے میں آسانی اور حقیقت کا مکمل ادراک ہو۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے ہم سب کو اس اعلیٰ مقام پر پہنچایا ہے تو ہمیں بھی چاہیے کہ عوام کی فلاح وبہبود کیلئے دن رات کام کریں اور ان سے احسن طریقے سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی میں چلغوزے کے جنگلات پر لگی آگ پر صوبائی حکومت نے بروقت اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا کے آگ پر قابو پالیا اور اللہ کے فضل وکرم سے جانی نقصان نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ تمام آفیسرز ایک خوشحال اور فلاحی ریاست کے قیام کے وژن اور بہتر طرز حکمرانی کی حکمت عملی کے تحت صوبے میں عوام کو جدید طرز پر خدمات کی شفاف اور تیز رفتار فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائیں اور اس مقصد کیلئے اپنے فیلڈ میں گڈ گورننس کا موثر نظام متعارف کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کا فیڈ بیک لینے کیلئے بھی مربوط طریق کار اپنایا جائے تاکہ خدمات کی فراہمی کے عمل کو مزید بہتر بنایا جاسکے اور عوامی تکالیف کا تیز رفتار ازالہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری خدمات کی فراہمی کیلئے نظر آنے والے اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نم محمد اسلم غنی ودیگر شرکاء نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

روزنامہ ٹیگری ایکسپریس، کوئٹہ، بدھ، 24 اگست، 2022ء

## فرائض عوامی خدمت کے جذبے سے ادا کیے جائیں، چیف سیکرٹری

**افسران دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی اپنائیں جس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے**

کوئٹہ (خ ن) عوام کی فلاح وبہبود اور ان کے مسائل کا فوری حل سرکاری افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے، افسران اپنے فرائض ایمانداری اور عوامی خدمت کے جذبہ کیساتھ سرانجام دیں۔ بلوچستان میں گڈ گورننس، سروس ڈلیوری کی بہتری کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے 34 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ

(باقی صفحہ 7 نمبر 15)

کورس نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ کوئٹہ میں تقسیم سرٹیفکیٹ ایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آفیسرز سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی اپنائیں جن کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آفیسرز فیصلہ لیتے وقت جائے وقوعہ دیکھ لیں تاکہ اس کو فیصلہ کرنے میں آسانی اور حقیقت کا مکمل ادراک ہو۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے ہم سب کو اس اعلیٰ مقام پر پہنچایا ہے تو ہمیں بھی چاہیے کہ عوام کی فلاح وبہبود کیلئے دن رات کام کریں اور ان سے احسن طریقے سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی میں چلغوزے کے جنگلات پر لگی آگ پر صوبائی حکومت نے بروقت اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھاکے آگ پر قابو پالیا اور اللہ کے فضل وکرم سے جانی نقصان نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ تمام آفیسرز ایک خوشحال اور فلاحی ریاست کے قیام کے وژن اور بہتر طرز حکمرانی کی حکمت عملی کے تحت صوبے میں عوام کو جدید طرز پر خدمات کی شفاف اور تیز رفتار فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائیں اور اس مقصد کیلئے اپنے فیلڈ میں گڈ گورننس کا موثر نظام متعارف کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کا فیڈ بیک لینے کیلئے بھی مربوط طریق کار اپنایا جائے تاکہ خدمات کی فراہمی کے عمل کو مزید بہتر بنایا جاسکے اور عوامی تکالیف کا تیز رفتار ازالہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری خدمات کی فراہمی کیلئے نظر آنے والے اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نم محمد اسلم غنی ودیگر شرکاء نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

تنہا سیلابی تباہ کاریوں کا مقابلہ نہیں کرسکتے

# عالمی ادارے عوام کی مدد کیلئے آگے آئیں، ترجمان حکومت بلوچستان

**216 افراد جاں بحق اور انفراسٹرکچر تباہ ہوگیا، ریلیف سرگرمیوں کے بعد متاثرین کی دوبارہ بحالی بڑا چیلنج ہوگا، فرح عظیم کا ڈونرز کانفرنس سے خطاب**

اسلام آباد (ج ن) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ کی سربراہی میں حکومت بلوچستان کی جانب سے اسلام آباد میں بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی مدد اور بحالی کے حوالے سے ڈونرز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں اقوام متحدہ کی تمام ایجنسیوں کے کنٹری ڈائریکٹرز، سفارتخانوں کے نمائندوں، بین الاقوامی ڈونر ایجنسیوں، آئی این جی اوز اور متعلقہ حکومتی نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا کہ حالیہ سیلاب کے باعث بلوچستان کو بہت زیادہ نقصان پہنچا، لہٰذا بلوچستان میں ہنگامی بنیادوں پر مدد کی اشد ضرورت ہے، صوبے میں سیلاب کی وجہ سے غیر معمولی حالات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے محدود وسائل کے مطابق سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد کررہی ہے جبکہ صوبے میں بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے، لہٰذا عالمی ادارے اور ڈونرز بلوچستان کے لوگوں کی مدد کو آگے آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بارشوں اور سیلاب سے صوبے کے زیادہ تر اضلاع شدید متاثر ہوئے ہیں۔ جہاں 216 جانیں سیلاب کی نذر ہوچکی ہیں۔ صوبے میں انسانی جانوں کے ساتھ املاک، انفراسٹرکچر، شاہراہوں اور پلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اس صورتحال میں لاکھوں لوگوں کو خوراک اور پانی کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں ریسکیو اور ریلیف سرگرمیوں کے بعد لوگوں کی دوبارہ بحالی ایک بڑا چیلنج ہوگا۔ حکومت بلوچستان تنہا ان تباہ کاریوں کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ ترجمان حکومت بلوچستان نے کانفرنس میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو بلوچستان کی موجودہ سیلابی صورتحال کے بارے میں بریفنگ دی اور موجودہ صورتحال میں اقوام متحدہ، ڈونر ایجنسیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سے بلوچستان کے ہنگامی حالات میں بھرپور تعاون کرنے کی اپیل بھی کی۔ کانفرنس کے اختتام پر ترجمان حکومت بلوچستان نے موجودہ سیلابی صورتحال میں بلوچستان میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے جاری اقدامات کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

## بلوچستان میں بارش وسیلاب سے مزید 4 افراد جاں بحق، تعداد 230 ہوگئی

**26 ہزار 897 مکانات منہدم، 2 لاکھ سے زائد مال مویشی سیلاب کی نذر ہوگئے، پی ڈی ایم اے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں اموات کا سلسلہ تھم نہ سکا سیلاب کی تباہ کاریوں سے مزید 4 افراد لقمہ اجل بن گئے جاں بحق افراد کی تعداد 230 تک پہنچ گئی کئی دیہات زیر آب آگئے۔ پی ڈی ایم اے کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں سیلاب کے باعث مزید 4 افراد جان کی بازی ہار گئے جس کے بعد یکم جون سے اب تک جاں بحق ہونیوالوں کی تعداد 230 ہوگئی ہے جاں بحق ہونے والوں میں 110 مرد 55 خواتین اور 65 بچے شامل ہیں مختلف حادثات میں 98 افراد زخمی ہوچکے جن میں 55 مرد 11 خواتین اور 32 بچے شامل ہیں سیلابی ریلوں اور بارشوں سے مجموعی طور پر بلوچستان میں 26 ہزار 897 مکانات منہدم وجزوی نقصان کا شکار ہوئے تو وہیں 2 لاکھ سے زائد مال مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہوگئے ہیں بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بلوچستان کو پنجاب سے ملانے والی شاہراہ فورٹ منرو کے مقام سے بحال کردی گئی ہے تاحال نصیر آباد ڈویژن مکران ڈویژن سمیت دیگر علاقوں میں تاحال کئی دیہات زیر آب ہیں اب تک 1 لاکھ 98 ہزار 461 ایکڑ زمین پر کھڑی فصلیں اور انگور سیب کے باغات، ٹیوب ویلز بورنگ اور سولر پلیٹس کو نقصان پہنچا ہے۔

## نوشکی: بچی سمیت 4 افراد ریسکیو، دکی میں کمسن بچہ جاں بحق، ماں باپ زخمی

**سیلابی ریلے کی وجہ سے یونین کونسل ڈاک کا علاقہ زیر آب، متاثرین نے پہاڑ پر عارضی جھونپڑیوں میں رہائش اختیار کرلی**

نوشکی+دکی (نامہ نگاران) پورنالہ میں سیلابی ریلے کی وجہ سے یونین کونسل ڈاک کا علاقہ زیر آب آنے کی وجہ سے پاک افغان بارڈر پر ایک درجن کے قریب دیہاتوں کا رابطہ نوشکی سے کٹ گیا۔ گزرانگ پل کو نقصان پہنچا، ہزاروں باشندے محصور ہوگئے جسکی وجہ سے اشیاء خورد ونوش کی قلت سے علاقے کے مکینوں کو خوراک کی کمی اور علاج معالجہ کی سہولیات کے لیے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، چاغی کا رابطہ نوشکی سے منقطع ہوگیا۔ لنڈی محمودزئی میں 5 سالہ بچی سمیت چار افراد کو مقامی باشندوں نے ریسکیو کرکے قریبی گاؤں منتقل کردیا۔ آرسی ڈی شاہراہ این 40 پر آباد پل کی عدم بحالی کی وجہ سے تیسرے روز بھی نوشکی کا کوئٹہ سے رابطہ منقطع رہا جس کی وجہ سے مسافروں بالخصوص خواتین بچوں اور مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ نوشکی میں فروٹ اور سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ کردیا گیا، پل پر روکے متاثرین نے متبادل سڑک کی بحالی کے کام میں سست روی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ تاریخی جھیل زنگی ناوڑ میں پانی بھرنے سے جھیل کی رونقیں بحال ہوگئیں، مزید بارشوں کی پیشگوئی کی گئی جس سے سیلاب متاثرین کی مشکلات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ دکی سے نامہ نگار کے مطابق مون سون کی بارشوں نے تباہی مچادی۔ چھت گرنے سے کمسن بچہ جاں بحق ماں باپ زخمی ہوگئے۔ دکی ندی میں اونچے درجے کے سیلاب کے باعث کچے مکانات منہدم فصلیں تباہ ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ بارشوں سے کلی زمان میں کمرے کی چھت گرنے سے ایک کمسن بچہ شعیب خان والدین سمیت مٹی تلے دب گئے جس سے کمسن بچہ شعیب خان جاں بحق، والد شراف الدین اور والدہ زخمی ہوگئی، زخمیوں کو ہسپتال پہنچا کر لورالائی ریفر کردیا گیا۔ ندی نالوں میں طغیانی آنے سے پانی گھروں میں داخل ہوگیا، ہوسڑی۔ کلی خیلے۔ داریزئی۔ بنی کوٹ۔ لنڈی میرخان میراگان تھل ناناصاحب زیارت یارو شہر۔ ودیگر علاقوں میں سینکڑوں کچے مکانات منہدم ہوگئے۔ لوگ کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوگئے، کلی خیلے اویانی سے لوگوں نے نزدیکی پہاڑ منتقل ہوکر عارضی جھونپڑیوں میں رہائش اختیار کرلی۔

## تربت، سرحدی تجارت سے متعلق پاک ایران مشترکہ اجلاس، فوری اقدامات پر اتفاق

**کیکیار، آپسار، دشتک اور گریبون پوائنٹس کو تجارت کیلئے کھولا جائے، ڈی سی کیچ کا ایرانی حکام پر زور**

کوئٹہ (آن لائن) ضلع کیچ کے پاک ایران بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ایرانی اور پاکستانی حکام کا اجلاس ہوا جس میں بارڈر ٹریڈ سمیت سیکیورٹی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اور مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ میجر (ر) بشیر احمد بزنجو اور ایف سی میجر عامر کا پاک ایران ردیگ بارڈر پر ایرانی حکام نے والہانہ استقبال کیا۔ اس موقع پر کیچ پاکستان سے مقامی افسران اے سی حب صادق کہدائی، ڈائریکٹر انڈسٹریل مکران زون فہد رحیم تحصیلدار فاروق بلوچ اور دیگر بھی موجود تھے۔ دونوں حکام کے درمیان پاک ایران بارڈر پر مزید پوائنٹس کھولنے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈی سی کیچ میجر بشیر احمد بزنجو نے ایران بارڈر پر کیکیار، آپسار، دشتک اور گریبون پوائنٹس کو تجارت کیلئے کھولنے پر زور دیا جس پر ایرانی حکام نے بھی اتفاق کیا۔

# سیلاب سے متاثرہ افراد کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور

آرمی چیف کی ہدایت پر بلوچستان میں جہاں بھی سیلاب سے نقصانات ہوئے ہیں ان کی مدد کرنے کیلئے پاک فوج حکومت کا ساتھ دے گی

پاک فوج مواصلاتی رابطوں کی بحالی اور عارضی پلوں کی تعمیر میں معاونت کریگی جن ڈیموں پر دباؤ ہے انکی مسلسل نگرانی اور مضبوطی کو یقینی بنایا جائیگا

پاک فوج کے جوان متاثرہ علاقوں میں قیام پزیر ہیں تاکہ ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹنے میں مدد کریں، کمانڈر 12 کور کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے کہا ہے کہ اس وقت پاک فوج کے 4500 جوان اور افسران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں پاک فوج کے ٹروپس متاثرہ علاقوں میں قیام پزیر ہیں تا......... بقیہ نمبر 10 صفحہ 9 پر

کہ ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹنے میں مدد کریں یہ بات انہوں نے پی ڈی ایم اے آفس میں اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاک فوج مواصلاتی رابطوں کی بحالی اور عارضی پلوں کی تعمیر میں معاونت کریگی جن ڈیموں پر دباؤ ہے انکی مسلسل نگرانی اور مضبوطی کو یقینی بنایا جائے گا نقصانات کے جائیزہ کے لئے مشترکہ سروے جاری پاک فوج بھی معاونت کریگی امدادی سرگرمیوں کو مزید مربوط کرنے مواصلاتی رابطوں کی بحالی کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کا فیصلہ کیا

# لسبیلہ کوئٹہ کراچی شاہراہ اور رابطہ سڑکوں کی بحالی پر تیزی سے کام جاری

پاک فوج اور ضلعی انتظامیہ کی کوششوں سے N25 اوتھل بیلہ سیکشن کی بحالی کا کام تکمیل کے مراحل میں داخل

ساحلی شاہراہ سے منسلک لاکھڑا لیاری سیکشن کو جزوی طور پر بحال کر کے روٹ کو ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا، ذرائع

لسبیلہ (خ ن) بلوچستان کے سیلاب و بارشوں سے متاثرہ 27 اضلاع میں سیلاب متاثرین کی امداد اور اضلاع میں ریلیف آپریشن کے ساتھ ہائی وے سے منسلک رابطہ سڑکوں کی بحالی کی سرگرمیاں جنگی بنیادوں پر جاری ہیں سیلاب متاثرہ ضلع لسبیلہ میں کوئٹہ کو کراچی سے ملانے والی آر سی ڈی شاہراہ N25 کے سیلاب متاثرہ اوتھل بیلہ سیکشن کی بحالی کا کام تکمیل کے مراحل میں داخل ہو گیا ہے پاک فوج کی انجینئرنگ سیکورٹی ڈویژن 44 کے میجر جنرل عنایت حسین اور بریگیڈیئر فیصل کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے زیر نگرانی این ایچ اے اور محکمہ مواصلات تعمیرات کے انجینئر ارشد مسعود زہری بحالی کے کاموں کی نگرانی کررہے ہیں سرکاری ذرائع کے مطابق ساحلی شاہراہ سے منسلک لاکھڑا لیاری سیکشن اور اوتھل کے مقام پر نیشنل ہائی وے کے ٹریک کی جزوی طور پر بحال کر کے روٹ کو ٹریفک کیلئے بحال کیا گیا ہے سرکاری ذرائع کے مطابق محکمہ مواصلات و تعمیرات کے انجینئرز ضلع بیلہ میں جن مقامات پر نیشنل ہائی وے سے ملحقہ رابطہ سڑکوں کی بحالی کا کام دن رات کررہے ہیں سیلاب متاثرہ علاقوں کا ضلعی ہیڈ کوارٹرز اوتھل سے زمینی رابطہ بحال کرنیکی کوششیں جاری ہیں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی نے پیر کے روز لسبیلہ چیمبر آف کامرس اور حکومت کے حکام سے ملاقات کی۔ ملاقات میں لسبیلہ چیمبر آف کامرس کی جانب سے سی ایس آر فنڈز کے تحت سیلاب متاثرہ علاقوں میں بحالی کے کاموں کیلئے مشینری فراہمی کی ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو یقین دہانی کرائی۔



# دالبندین، پاک ایران ریلوے ٹریک کا 80 فٹ ٹکڑا بہہ گیا

چاغی (نمائندہ ایکسپریس) پاک ایران ریلوے ٹریک دالبندین سیکشن میں ایک مرتبہ پھر معطل، حالیہ بارشوں سے ٹریک کے 80 فٹ ٹکڑے کو شدید نقصان پہنچا۔ مرمتی کام جاری ہے ریلوے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز دالبندین میں بارش کے بعد دالبندین (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

کے قریب سورگل کے مقام پر 80 فٹ پاک ایران ریلوے ٹریک کو پانی بہا کر لے گیا ریلوے عملے کا کام جاری ہے ایک دو روز میں ٹریک کو بحال کیا جائے۔

# امدادی کاروائیاں
# ہائیکورٹ نے پی ڈی ایم اے سے ہر ضلع کی الگ الگ رپورٹ طلب کر لی

متاثرین کو امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے، جہاں کشتیاں نہیں پہنچ سکتیں وہاں ہیلی کاپٹر کے ذریعے متاثرین تک پہنچیں

امداد میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، ایسا نہ ہو کہ سیلاب کے بعد دوسرے سانحے کا سامنا کرنا پڑے، چیف جسٹس بلوچستان

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس سردار احمد حلیمی نے صوبے کے تمام اضلاع میں امدادی کارروائیوں سے متعلق رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ سیلاب سے متاثرہ افراد کو خوراک، ادویات و دیگر کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے جہاں گاڑیاں اور کشتیاں نہیں پہنچ سکتیں وہاں ہیلی کاپٹر کا استعمال کرتے ہوئے متاثرین کی امداد میں کوئی کسر نہ چھوڑی (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

جائے ایسا نہ ہو کہ سیلاب کے بعد ہمیں دوسرے سانحے کا سامنا کرنا پڑے۔ منگل کے روز ممتاز قانون دان راحب بلیدی ایڈووکیٹ کی جانب سے طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے موقع ایڈووکیٹ جنرل آصف ریکی اور ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر بینچ کے روبرو پیش ہوئے تو ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر نے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی جس پر چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے ہر ضلع کی الگ الگ رپورٹ جمع کرائی جائے، سماعت کے دوران ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر نے موقف اختیار کیا کہ پی ڈی ایم اے ریسکیو، ریلیف اور بحالی کے قوانین کے تحت کام سرانجام دے رہا ہے اس وقت صوبے کے 31 اضلاع میں سیلابی صورتحال کا لوگوں کو سامنا ہے بلوچستان میں ہونے والی حالیہ بارشوں نے گزشتہ 30 سالہ ریکارڈ توڑ دیا ہے انہوں نے کہا کہ تسلیم کرتا ہوں کہ کوئی کمی رہ گئی ہوگی لیکن اس میں کوئی کوتاہی شامل نہیں۔ درخواست گزار راحب بلیدی ایڈووکیٹ نے بتایا کہ محبت پور کی تین یونین کونسل میں چار روز سے کوئی امدادی ٹیم نہیں پہنچی، چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ بلوچستان سمیت محبت پور پر خصوصی توجہ دی جائے، سیلاب سے متاثرہ افراد کو خوراک اور دیگر امدادی اشیا سمیت ادویات بھی فراہم کی جائیں اگر کہیں گاڑیاں اور کشتیاں نہیں پہنچ پاتیں تو ہیلی کاپٹر کا استعمال کریں لیکن متاثرہ لوگوں کی امداد میں کوئی کسر نہ چھوڑیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ سیلاب کے بعد ہمیں دوسرے سانحے کا سامنا کرنا پڑے، بنچ نے تمام اضلاع میں امدادی کارروائیوں کی رپورٹ عدالت میں جمع کرانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے سماعت 25 اگست تک ملتوی کردی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 9


## پولیس عوام کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی برقرار رکھنے کیلئے کوشاں ہے

ایس پی صدر ڈویژن

**رواں ماہ سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں ملوث 358 ملزمان کو گرفتار کیا گیا' عادل عامر کا پریس کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس پی صدر ڈویژن عادل عامر نے کہا ہے کہ پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ، قانون کی حکمرانی برقرار رکھنے اور پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے شب و روز کوشاں ہے اور ماڈرن پولیسنگ کے اصولوں کے مطابق دستیاب وسائل کے بہترین استعمال کے ساتھ ساتھ بھرپور انسدادی کارروائیوں اور جدید انویسٹی گیشن طریقہ کار کو فروغ دیا جارہا ہے تاکہ جرائم پیشہ عناصر کے قلع قمع کے ساتھ عوام کی حفاظت اور خدمت کے عمل میں کوئی کسر باقی نہ رہے ماہ اگست میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے موٹر سائیکلیں' گاڑیاں اور موبائل چھیننے و چوری کرنے والے چار گروہوں کے 14 کارندوں' اشتہاریوں سمیت 358 افراد کو گرفتار کرکے آٹھ مسروقہ موٹر سائیکلیں' دو گاڑیاں اور 104 موبائل فونز' بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا ایک روز میں 157 افراد کو گرفتار کرکے 50 ایف آئی آر درج کی گئیں ۔ یہ باتیں انہوں نے میڈیا کے نمائندوں کو پریس بریفنگ کے دوران کہی انہوں نے کہا کہ صدر ڈویژن پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ، قانون کی حکمرانی برقرار رکھنے اور پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے شب و روز کوشاں ہے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ' ڈی آئی جی کوئٹہ سید فدا حسین شاہ کی خصوصی ہدایات پر صدر ڈویژن پولیس نے سماج دشمن عناصر کیخلاف اسپیشل ٹاسک فورس بنائی اور یکم اگست سے 20 اگست تک ڈویژن کے دس تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کی گئیں موٹر سائیکلیں' گاڑیاں اور موبائل فونز چھیننے والے چار گروہوں کے 14 کارندوں کو گرفتار کرکے دو مسروقہ گاڑیاں آٹھ موٹر سائیکل اور 104 موبائل فونز برآمد کیے قتل کے دو کیسوں کا سراغ لگا کر تین ملزمان حراست میں لئے جبکہ گیارہ منشیات کے اسمگلروں کو گرفتار کرکے سترہ کلوگرام سے زائد چرس قبضے میں لی ایس پی نے مزید بتایا نو پستول دو کلاشنکوف تیس پسٹل کی گولیاں اور انیس کلاشنکوف کی گولیاں برآمد کیں چار مختلف کیسز میں گروہوں کے 14 ارکان کو گرفتار کیا یوم آزادی کے موقع پر صدر ڈویژن پولیس نے 58 مقدمات درج کرکے 157 افراد کو گرفتار کیا جبکہ 22 گاڑیاں 37 موٹر سائیکلیں دو کلاشنکوف اور ایک پستول بھی تحویل میں لیا گیا ایس پی صدر ڈویژن عادل عامر نے مزید کہا کہ تھانہ کلچر کی تبدیلی کیلئے اصلاحات کے دوررس نتائج سامنے آرہے ہیں۔ عوام دوست پولیسنگ کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں جائیں گے اور ان تمام معیارات کو برقرار رکھا جائے گا جو عوامی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوں۔


MASHRIQ QUETTA


## غذائی قلت کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے فوڈ فورٹیفیکیشن انتہائی اہم ہے

بلوچستان فوڈ اتھارٹی

**نیوٹریشن انٹرنیشنل نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے تعاون سے بلوچستان میں فلور ملوں اور بی ایف اے کو ضروری آلات و تکنیکی تربیت فراہم کی ہے، نعیم بازئی**

**فوڈ فورٹیفیکیشن کی خریداری کے دوران فورٹیفائیڈ فوڈ پر اصرار کرنے کیلئے عوام میں شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے، نظر اللہ و دیگر کا سیمینار سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کے زیر اہتمام گندم کے آٹے میں غذائی اجزاء کی آمیزش (Flour Wheat Fortification) سے متعلق ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈائریکٹر ٹیکنیکل شکیل احمد خواجہ خیل نے فورٹیفیکیشن پراسیس، کوالٹی اشورنس اور کوالٹی کنٹرول کے حوالے سے منعقدہ تربیتی سیشن میں ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے کی نمائندگی کی اور اپنا پیغام پہنچایا......... بقیہ نمبر 23 صفحہ 10 پر

۔ ڈی جی بلوچستان فوڈ اتھارٹی محمد نعیم بازئی کے مطابق پاکستان خصوصاً بلوچستان میں غذائی قلت کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے فوڈ فورٹیفیکیشن ایک انتہائی اہم حکمت عملی ہے۔

## بلوچستان میں سیلابی صورتحال کے پیش نظر پولیو مہم ملتوی کردی گئی

**صوبے بھر میں اب انسداد پولیو مہم 5 ستمبر سے شروع اور پانچ روز تک جاری رہے گی**

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں 29 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم ایک ہفتے کے لئے ملتوی کردی گئی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر حکام کے مطابق بلوچستان بھر میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم 29 اگست سے شروع ہونی تھی تاہم صوبے میں سیلاب کی......... بقیہ نمبر 35 صفحہ 9 پر

صورتحال اور موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے مہم کو ایک ہفتے کے لئے ملتوی کردیا گیا ہے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر حکام کے مطابق صوبے بھر میں اب انسداد پولیو مہم 5 ستمبر سے شروع ہوگی جو پانچ روز تک جاری رہے گی۔

## پنجگور، جیرک بارڈر جمعہ کو کاروباری سرگرمیوں کیلئے کھلا رہے گا

**600 گاڑی مالکان کو میسجز ملے ہیں وہ انٹری کراکر جیرک جائیں، ڈپٹی کمشنر**

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں جیرک بارڈر جمعہ کو کاروباری سرگرمیوں کے لیے کھلا رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالرازق ساسولی کے مطابق جیرک بارڈر جمعہ کو بند رہا کرتا تھا مگر تاجروں اور محنت کشوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے جمعہ کو خصوصی انتظامات......... بقیہ نمبر 38 صفحہ 10 پر

کے تحت بارڈر معمول کے مطابق کاروباری سرگرمیوں کے لیے کھلا رہے گا انہوں نے بتایا کہ جن 600 گاڑی مالکان کو میسجز ملے ہیں وہ جمعہ کی صبح چپل آباد اور جائیں میں انٹری کروائیں اور جیرک جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 24 AUG 2022 Page No. 10

# پاک ایران میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور بارڈر پوائنٹس کھولنے کا معاہدہ

کیکپار، آپسار، دشتک اور گرے بن بارڈر کاروبار کیلئے کھولنے پر اتفاق ایرانی حکام کی ایک ہفتے کے اندر پنجگور، جیرک بارڈر کھولنے کی بھی یقین دہانی

**کیچ انتظامیہ اور ایرانی حکام کے درمیان مند میں 4 گھنٹے طویل اجلاس، ڈی سی کیچ کا زیر تکمیل پاک ایران بارڈر مارکیٹ کا بھی دورہ، متعلقہ حکام کی بریفنگ**

تربت (نمائندہ انتخاب) پاک ایران بارڈر کے معاملے پر کیچ انتظامیہ اور ایرانی حکام کے درمیان سرحدی قصبہ مند میں اہم اجلاس منعقد، اجلاس کے دوران مند ردیگ بارڈر پر سرحدی تجارت کو فروغ دینے کے حوالے سے دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان چند اہم نکات پر اتفاق کیا گیا اور باقاعدہ ان پر ایک معاہدہ پر دستخط کیے گئے اور بارڈر پر تجارت کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، ڈپٹی کمشنر کیچ میجر (ر) بشیر احمد بڑیچ نے ایف سی کرنل ردیگ بارڈر میجر عمر، ڈائریکٹر انڈسٹریز مکران زون فہد رحیم، اسسٹنٹ کمشنر تمپ صادق کبدانی تحصیلدار بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

فاروق بلوچ، ریجنل اسسٹنٹ ڈپٹی کمشنر کیچ شیر جان بلوچ کے ہمراہ ردیگ بارڈر پر ایرانی حکام کا والہانہ استقبال کیا، دونوں ممالک کے درمیان چار گھنٹے تک جاری اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر کیچ نے پاک ایران بارڈر پر تجارت کو مزید وسعت دینے کیلئے ایرانی حکام سے

کیکپار، آپسار، دشتک اور گرے بن بارڈر کراسنگ پوائنٹس کھولنے کی درخواست کی جس پر ایرانی حکام نے اتفاق کرتے ہوئے مذکورہ کراسنگ پوائنٹس کاروبار کیلئے کھولنے پر اتفاق کیا، اس موقع پر دونوں ممالک کے حکام کے درمیان بارڈر پر امن وامان کی صورتحال اور دیگر معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور مشترکہ دشمن سے نمٹنے کیلئے بارڈر کے دونوں اطراف سیکیورٹی سخت کرنے کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کیے گئے، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان مال مویشیوں کے کاروبار کو فروغ دینے کیلئے ایک الگ کراسنگ پوائنٹ کھولنے پر بھی اتفاق کیا گیا، اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر کیچ نے ایرانی حکام کو گوش گزار کرایا کہ پنجگور، جیرک بارڈر جو گزشتہ کئی دنوں سے ایران کی طرف سے کسی ضروری کام کے سلسلے میں بند کیا گیا ہے، جس سے بارڈر سے وابستہ کاروباری لوگ بیروزگاری کی وجہ سے پریشانی کے عالم میں ہیں جلد از جلد کھول دیا جائے، ایرانی حکام نے ڈپٹی کمشنر کیچ کو ایک ہفتے کے اندر پنجگور، جیرک بارڈر کراسنگ پوائنٹ کھولنے کی بھی یقین دہانی کرائی، اس موقع پر دونوں ممالک کے حکام نے خیر سگالی کے طور پر ایک دوسرے کو تحائف اور یادگاری شیلڈ بھی پیش کیے، قبل ازیں ڈپٹی کمشنر کیچ میجر (ر) بشیر احمد بڑیچ نے زیر تکمیل پاک ایران بارڈر مارکیٹ کا دورہ کیا، ردیگ بارڈر مارکیٹ پر جلد تجارتی سرگرمیوں کے آغاز کیلئے ایرانی حکام نے گرین سگنل دے دی ہے۔

## خضدار انتظامیہ کی عوام کو غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت

خضدار (صباح نیوز) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ڈسٹرکٹ خضدار کے شہریوں کے نام اہم و ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ 23 سے 27 اگست تک شدید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے اس لیے شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں ندی نالوں کے بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

کنارے جانے اور پکنک منانے سے اجتناب برتیں اور اپنے گھروں کے کچے ہونے یا آس پاس سیلاب کے خطرات سے باخبر رہیں اپنے آپ کو اور اپنے خاندانوں کو محفوظ بنائیں کسی بھی جگہ خطرے کی صورت میں ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کریں۔

## یورپی یونین سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے 7 کروڑ 60 لاکھ روپے امداد دیگا

اسلام آباد (آن لائن) یورپی یونین شدید سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو اہم انسانی امداد فراہم کرنے کیلئے پاکستان کو 7 کروڑ 60 لاکھ روپے فراہم کرے گا، سیلاب نے پاکستان کے کئی حصوں میں تباہی مچا دی ہے۔ اسلام آباد میں یورپی یونین کے مشن کے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ امداد جنوب بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

مغربی پاکستانی صوبے بلوچستان میں جھل مگسی اور لسبیلہ کے سب سے زیادہ متاثرہ اضلاع میں شدید متاثر ہونے والوں کی فوری ضروریات کو پورا کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی۔ پاکستان میں یورپی یونین کے انسانی ہمدردی کے پروگراموں کی نگرانی کرنے والی کیتھی تھسنا گوڈاۓ کہا کہ تباہ کن سیلاب نے پاکستان میں تباہی کی ایک داستان چھوڑی ہے جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو اپنے گھروں، معاش اور سامان کے نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

# ہرنائی: مون سون بارشیں اور سیلاب، درجنوں کچے مکانات منہدم

عوام کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور، دیہاتوں اور کلیوں کا ضلعی ہیڈ کوارٹر سے رابطہ منقطع، فوری طور پر مدد کی جائے، متاثرین

ہرنائی (نامہ نگار) مون سون کی بارشیں، سیلاب، درجنوں کچے مکانات منہدم، عوام کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور، دیہاتوں اور کلیوں کا ضلعی ہیڈ کوارٹر سے رابطہ منقطع، شہر میں نکاسی آب میں مشکلات، فوری طور پر مدد کی جائے، متاثرین کی اپیل۔ رپورٹ کے مطابق مون سون کی بارشوں سے بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں محلہ غریب آباد، محلہ اسلام آباد، بابو محلہ، محلہ اختر آباد، کلی زرمانہ، کلی شیخان، کلی اسپائی، کلی مرزا، وڑستہ، گوچینہ، ناکس، سرزوا، ینین تنگی، بابیان، زندہ پیر اور تحصیل شاہرگ کی متعدد کلیوں اور دیہاتوں میں درجنوں مکانات زمین بوس ہو گئے ہیں دیہاتوں اور کلیوں کا ضلعی ہیڈ کوارٹر اور ضلعی ہیڈ کوارٹر کا اندرون صوبہ و ملک سے زمینی رابطہ منقطع ہو چکا ہے ایک طرف متاثرین زلزلہ کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں دوسری جانب سیلاب اور بارش سے متاثرہ خاندان کھلے آسمان تلے خیموں اور راشن کے منتظر ہیں غذائی قلت کے ساتھ ساتھ متعدد وبائی امراض جنم لینے کا خطرہ لاحق ہے کلی اربوز سمیت مختلف کلیوں کو جانے والی پی ایچ ای کی پائپ لائنوں میں آلودہ پانی شامل ہونے سے بیماریاں جنم لے سکتی ہیں اسکے علاوہ شہر میں نکاسی آب میں مشکلات درپیش ہیں متاثرین نے حکام سے فوری طور پر مدد کی اپیل کی ہے۔

## گنداواہ: امدادی سامان کی غیر مستحقین میں تقسیم کا نوٹس لینے کا مطالبہ

گنداواہ (نامہ نگار) بارش اور سیلاب متاثرین نے کہا ہے کہ مقامی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے غیر متعلقہ افراد میں امدادی سامان تقسیم کر کے حق داروں کو محروم رکھا جا رہا ہے اصل متاثرین سارا سارا دن پریشانی کے عالم میں امداد کی فریادیں کرتے رہتے ہیں انہوں نے کہا کہ جن کے گھر منہدم ہو گئے ہیں ان کو نہ خیمے دیے جا رہے ہیں اور نہ دیگر سامان انہوں نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ امدادی سامان کی غیر مستحق افراد میں تقسیم کا نوٹس لیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# اڑھائی ارب روپے سے جامعات کا مالی بحران حل نہیں ہوگا، یونیورسٹی ملازمین

ہاؤس ریکوزیشن و دیگر واجبات سمیت مکمل تنخواہوں کی ادائیگی ممکن بنائی جائے، کور کمیٹی مطالبہ

مطالبات کو فوری منظور کر کے ملازمین میں پائی جانے والی تشویش اور بے چینی کا خاتمہ کیا جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے ملازمین کی کور کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں جامعہ کے ملازمین کو بقایاجات کے ہمراہ مکمل تنخواہوں کی ادائیگی، ہاؤس ریکوزیشن سمیت دیگر مطالبات منظور......

بقیہ نمبر24 صفحہ 10 پر

کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیوٹمز اور جامعہ بلوچستان سمیت دیگر جامعات کے ملازمین کو تاحال مکمل تنخواہ ادا نہیں کی گئی ہے جس کی وجہ سے ملازمین میں تشویش پائی جاتی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ تنخواہ ہر ملازم کا بنیادی حق ہے اس سے محروم رکھ کر ملازمین کی حق تلفی کی جا رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے یونیورسٹی فنانس کمیشن کے ذریعے اڑھائی ارب روپے کے اجراء سے وقتی طور پر تو معاملات حل ہو گئے لیکن یہ مسئلے کا مستقل حل نہیں ہے جامعات اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہیں اڑھائی ارب روپے سے صوبے کی جامعات کا مالی بحران حل نہیں ہوگا صوبائی حکومت کو چاہیے کہ وہ جامعات کی گرانٹ کو بڑھا کر 10 ارب روپے تک کرے۔ بیوٹمز ملازمین کی کور کمیٹی نے اس بات پر زور دیا کہ بیوٹمز کے ملازمین کو ہاؤس ریکوزیشن، آر ڈی اے الاؤنس، ڈی آر اے کے بقایاجات سمیت دیگر مطالبات ملازمین کے تمام مطالبات کو فوری طور پر منظور کر کے ملازمین میں پائی جانے والی تشویش اور بے چینی کا خاتمہ کیا جائے۔

# کوہلو میں حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو ریلیف کا سلسلہ جاری

نواحی علاقوں کی زمینی رابطہ سڑکیں بارش اور سیلابی صورتحال روکتے ہی بحال کریں گے

صوبے کے تمام بین الصوبائی راستے منقطع ہیں اس لئے امدادی سامان بروقت نہیں پہنچ رہا، نصیب اللہ مری

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو میں حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو ریلیف کا سلسلہ جاری ہے صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری اور ڈپٹی کمشنر کوہلو قربان علی مگسی نے گورنمنٹ ڈگری کالج سمیت مختلف مقامات پر سیلاب متاثرین میں امدادی سامان......

بقیہ نمبر45 صفحہ 10 پر

تقسیم کئے ہیں امدادی سامان میں چاول، دالیں، آٹا سمیت دیگر اشیاء خوردونوش شامل تھے اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں حالیہ بارشوں سے اکثر دیہی علاقوں کے کچے مکانات منہدم ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کی بہت بڑی تعداد بے گھر ہوئے ہیں ہم نے بروقت اقدامات اٹھاتے ہوئے تمام سرکاری اسکولز بند کر کے ہنگامی بنیادوں پر بے گھر ہونے والے متاثرین کو اسکولز اور کالجز میں منتقل کر رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 13

## سیلاب سے متاثرہ 27 اضلاع میں امداد و رابطہ سڑکوں کی بحالی کا کام جاری

### کوئٹہ کو کراچی سے ملانے والی شاہراہ اوتھل بیلہ سیکشن کی بحالی کا کام تکمیل کے مراحل میں داخل ہو گیا

لسبیلہ (خ ن) بلوچستان کے سیلاب و بارشوں سے متاثرہ 27 اضلاع میں سیلاب متاثرین کی امداد اور اضلاع میں ریلیف آپریشن کے ساتھ ہائی وے سے منسلک رابطہ سڑکوں کی بحالی کی سرگرمیاں جنگی بنیادوں پر جاری ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ ضلع لسبیلہ میں کوئٹہ کو کراچی سے ملانے والی آر سی ڈی شاہراہ N25 کے سیلاب متاثرہ اوتھل بیلہ سیکشن کی بحالی کا کام تکمیل کے مراحل میں داخل ہو گیا۔ پاک فوج کی اسپیشل سیکورٹی ڈویژن 44 کے میجر جنرل عنایت حسین اور بریگیڈیئر فیصل کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی زیر نگرانی این ایچ اے اور محکمہ مواصلات تعمیرات کے انجینئر ارشد مسعود زہری بحالی کے کاموں کی نگرانی کررہے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ساحلی شاہراہ سے منسلک لاکھڑا لیاری سیکشن اور اوتھل کے مقام پر نیشنل ہائی وے کے ٹریک کی جزوی طور پر بحالی ممکن ہوگئی اور روٹ کو ٹریفک کیلئے بحال کردیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق محکمہ مواصلات و تعمیرات کے انجینئرز ضلع لسبیلہ میں چھ مقامات پر نیشنل ہائی وے سے ملحقہ رابطہ سڑکوں کی بحالی کا کام دن رات کررہے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل سے زمینی رابطہ بحال کرنے کی کوششیں جاری ہیں، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی نے پیر کو لسبیلہ چیمبر آف کامرس اور حبکو کے حکام سے ملاقات کی۔ ملاقات میں لسبیلہ چیمبر آف کامرس کی جانب سے سی ایس آر فنڈز کے تحت سیلاب متاثرہ علاقوں میں بحالی کے کاموں کیلئے مشینری فراہمی کی ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو یقین دہانی کرائی گئی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حب پاور جنریشن کے سی ایس آر شعبے کی جانب سے فراہم کئے گئے بلڈوزر و مشینری سے اوتھل کے مضافاتی متاثرہ دیہاتوں میں لنک روڈ کی بحالی کا کام ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی زیر نگرانی شروع کیا گیا ہے۔

## کوئٹہ سے ملک کے دیگر علاقوں کا بذریعہ ریل رابطہ بدستور معطل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سے ملک کے دیگر علاقوں کا بذریعہ ریل رابطہ بدستور معطل ہے، ریلوے حکام کے مطابق گذشتہ تین روز سے جعفر ایکسپریس معطل ہے، اور یہ پشاور اور کوئٹہ دونوں مقامات سے روانہ نہیں کی جارہی، اور یہ ریلوے ہیڈ کوارٹرز کی ہدایت پر آج 24 اگست تک بند ہے ٹریک کی بحالی کام جاری ہے، جیکب آباد، نوتال ڈیرہ اللہ یار اور ڈیرہ مراد جمالی کے علاقوں میں ٹریک کی مرمت کی جارہی ہے، اور میٹریل ٹرینیں وہاں موجود ہیں، اسی طرح چمن سیکشن پر بھی بحالی کا کام جاری ہے، اور منگل 23 اگست کو بھی چمن پسنجر ٹرین بحال نہیں ہوسکی، ریلوے حکام کے مطابق دادو سیکشن میں کوٹری، بن، لکی اور سہون شریف میں ٹریک پر سیلابی ریلوں کی وجہ سے پانی ہے، جس کی وجہ سے بولان میل بھی معطل کی گئی ہے، آج 24 اگست تک ریلوے ہیڈ کوارٹر کی ہدایت پر ٹرین سروس معطل رہے گی، آج سیلابی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ کل 25 اگست کو ٹرین سروس بحال ہوگی یا نہیں ہوگی۔

## کرخسہ ڈیم ٹوٹنے کا کوئی خطرہ نہیں، محکمہ آبپاشی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ آبپاشی حکومت بلوچستان نے ایک ٹی وی کے پروگرام میں کوئٹہ کے کرخسہ ڈیم کے ٹوٹنے کے خدشہ کے حوالے سے کی جانے والی گفتگو کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں سے ڈیم میں پانی کی سطح خطرناک حد تک ضرور بلند ہوئی ہے تاہم اضافی پانی کا اخراج ہو رہا ہے اور ڈیم کے ٹوٹنے یا دراڑیں پڑنے کی اطلاعات درست نہیں ہیں محکمہ کی ٹیم مشینری کے ساتھ مستقل طور پر ڈیم پر تعینات ہے جو مسلسل ڈیم کی نگرانی کررہی ہیں محکمہ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ ڈیم کے ٹوٹنے کا تاحال کوئی خطرہ نہیں ہے۔

## بیلہ: ڈوبنے والے ایف سی اہلکار کو ریسکیو کر لیا گیا

بیلہ (نامہ نگار) ایف سی اہلکار امتیاز احمد بیلہ میں گہرے سیلابی پانی میں ڈوب گیا جسے مقامی نوجوانوں نے ریسکیو کر کے ایف سی کیمپ پہنچایا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد کمانڈر ایف سی لسبیلہ سید عامر رضا کی ہدایت پر مزید علاج کے لیے کراچی منتقل کر دیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ایف سی تربت کا یہ اہلکار چھٹیاں گزارنے اپنے آبائی گاؤں گھیاڑی آیا ہوا تھا۔

Baakhabar Quetta

## کچھی کینال منصوبہ بلوچستان میں سبز انقلاب برپا کرے گا 7 لاکھ 12 ہزار ایکڑ اراضی سیراب ہوگی

### منصوبے کی تکمیل سے جوار، آئل سیڈ، دالوں اور گندم کی فصل کی کاشت میں تقریباً 88.5 فیصد تک اضافہ ہوگا، چینی میڈیا کی رپورٹ

### اس منصوبے سے لاکھوں ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی، ڈیرہ بگٹی نصیرآباد کچھی (بولان) اور جھل مگسی سمیت کئی علاقے مستفید ہونگے

بولان (آئی این پی) بلوچستان میں کچھی کینال پروجیکٹ (کے سی پی) صوبے کے بیشتر علاقوں میں 713,000 ایکڑ بنجر زمین کو سیراب کرکے "سبز انقلاب" برپا کرے گا۔ منصوبے کی تکمیل سے جوار، آئل سیڈ، دالوں اور گندم کی فصل کی کاشت میں تقریباً 88.5 فیصد تک اضافہ ہوگا، منصوبے سے لاکھوں ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی، ڈیرہ بگٹی، نصیرآباد، کچھی (بولان) اور جھل مگسی سمیت علاقے مستفید ہوں گے۔ گوادر پرو کے مطابق اس منصوبے کو سی پیک کی طرح ہی انجام دیا گیا ہے، جو زرعی ترقی اور لوگوں کے روزگار پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔ اگرچہ یہ سی پیک کے دائرہ کار میں نہیں آتا ہے، لیکن یہ ان اقدامات میں شامل ہے جو سی پیک کے تحت بہت سے زرعی بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں سے مثبت وائب حاصل کرتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق بلوچستان میں آبپاشی کے لیے نہری نظام نہیں ہے۔ کچھی کینال کی تکمیل کے بعد، جوار، آئل سیڈ، دالوں اور گندم کی فصل کی کاشت کی شدت میں تقریباً 88.5 فیصد تک اضافہ ہو جائے گا جس سے قومی معیشت میں سالانہ 19.66 بلین روپے (فیز ون کے لیے 3.82 ارب روپے) کا اضافہ ہوگا۔ اس منصوبے سے لاکھوں ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی، ڈیرہ بگٹی، نصیرآباد، کچھی (بولان) اور جھل مگسی سمیت علاقے مستفید ہوں گے۔ کچھی کینال کو بلوچستان کا 'سبز انقلاب' منصوبہ بھی کہا جاتا ہے۔ بنجر زمینوں کو سیراب کرنے کے علاوہ یہ تقریباً 20 لاکھ لوگوں کے لیے پینے کے پانی کے دباؤ کو بھی کم کرے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 16


## متاثرین سیلاب تباہ حال، منتخب نمائندے اور انتظامیہ سستی شہرت تک محدود ہیں: پیپلز پارٹی

نصیر آباد انتظامیہ نمائندوں کی ہاں میں ہاں ملا کر کردار ادا' ایک مخصوص حکومتی ٹولے کی جی حضوری میں لگی ہوئی ہے' متاثرین میں ایک پاؤ چاول تقسیم کرنا مذاق کے مترادف ہے' بابو امین عمرانی

اگر عوام خود ہمت نہ کرتی تو انتظامیہ اور عوامی نمائندوں کے آسرے میں پورا نصیر آباد پانی میں ڈوبا جاتا' اے سی ڈیرہ مراد جمالی کی جانب سے آٹھ کلومیٹر پیدل سفر کرنے کا دعویٰ جھوٹ پر مبنی ہے بتایا جائے کہاں سیلاب متاثرین کی دادرسی کیے

آج تک سیلاب زدہ گھرانوں کو سوائے ایف سی کے ریسکیو کرنے کوئی سرکاری نمائندہ یا آفیسر نہیں آیا انتظامیہ مشینری صرف فوٹو سیشن تک ہی محدود ہے' مشرق سے خصوصی بات چیت

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق صوبائی وزیر میر محمد امین عمرانی نے کہا ہے کہ بارشوں اور طوفانی سیلاب کے باعث نصیر آباد انتظامیہ نمائندوں کی ہاں میں ہاں ملا کر کردار ادا ایک مخصوص حکومتی ٹولے کی جی حضوری میں لگی ہوئی ہے علاقے کے عوامی نمائندگی کے دعویدار نصیر آباد عوام کو سیلاب میں ڈبونے اور سیلاب متاثرین کے نام پر مال بٹورنے کے چکر میں ہیں اگر عوام خود ہمت نہ کرتی تو انتظامیہ اور عوامی نمائندوں کے آسرے میں پورا نصیر آباد پانی میں ڈوبا ہوتا اے سی ڈیرہ مراد جمالی کی جانب سے آٹھ کلومیٹر پیدل سفر کرنے کا دعویٰ جھوٹ کا پلندہ آٹھ کلومیٹر اس نے کہاں پیدل جا کر سیلاب متاثرین کی دادرسی کی ایک ایک پاؤ چاول فی گھرانہ میں تقسیم کر کے انتظامیہ نے اپنی ناکامی کا پول خود کھول دیا وقت کے فرعون اگلے انتخابات میں عبرتناک شکست سے دوچار ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرق سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا میر محمد امین عمرانی نے کہا کہ نصیر آباد سیلاب متاثرین کے ساتھ نصیر آباد انتظامیہ اور عوامی نمائندے کھلم کھلا مذاق کر کے صرف ٹک ٹوک اور سلفیوں میں مصروف ہیں آج تک کوئی متاثرہ سیلاب زدہ گھرانہ کو سوائے ایف سی کے نوجوانوں اور عوام اپنی مدد آپ کے تحت ریسکیو کرنے کے سوا کسی بھی سرکاری نمائندہ یا آفیسر نے آ کر ریسکیو نہیں کیا عوامی نمائندوں وزراء اور سرکاری آفیسران کی جانب سے نصیر آباد کے عوام کو ریلیف دینے کے دعوؤں میں ذرا برابر صداقت موجود نہیں انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ بارشیں اور سیلاب نصیر آباد انتظامیہ اور عوامی نمائندوں کیلئے کسی غنیمت سے کم نہیں کیونکہ سیلاب متاثرین کے نام پر وہ کئی دنوں سے صوبائی حکومت سے فنڈز لینے اور خورد برد کرنے میں مصروف ہیں انہوں نے کہا کہ اس وقت پٹ فیڈر نہر میں اونچے درجے کا سیلاب موجود ہے دوسری جانب انتظامیہ اور عوامی نمائندے ضلعی اور ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی کو ڈبونے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں جبکہ محکمہ اریگیشن کے آفیسران نصیر آباد کے عوامی نمائندے صوبائی وزیر اور انتظامیہ عوام کو بے وقوف بنانے کی کوششوں میں مصروف ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی نصیر آباد کے عوام بے وقوف نہیں کہ اپنے دوست اور دشمن میں تمیز نہ کر سکیں اس وقت سیلاب اور مشکل کی گھڑی میں انتظامیہ اور عوامی نمائندے کھلم کھلا دشمنی پر اتر آئے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ پورا بلوچستان اس وقت سیلاب میں ڈوب چکا ہے لیکن کسی کے دل میں عوام کیلئے درد نہیں اس وقت انتظامیہ اور عوامی نمائندے صرف اور صرف متاثرین کی خدمت کا جھوٹا راگ الاپ رہے ہیں تحصیل تمبو اور بابا کوٹ کے یوسی عبداللہ باڑی یوسی فتح پور یوسی بابا کوٹ یوسی کوٹ پلیانی و دیگر علاقوں میں تاحال کوئی میڈیکل کیمپ قائم نہیں کیا گیا جو حکومت کی ناکامی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## ایڈیٹرز کونسل کا محکمہ تعلقات عامہ کو فنڈز کی عدم فراہمی پر تشویش کا اظہار

واجبات تین ماہ سے واجب الادا ہونے سے اخباری صنعت کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ایڈیٹرز کونسل نے محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ تعلقات عامہ کو فنڈز کی عدم فراہمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ


بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر 7


مالی سال 23-2022 کے فنڈز کی عدم اجرا کے باعث محکمہ تعلقات عامہ کے ذمے اخبارات کے واجبات گزشتہ تین ماہ سے واجب الادا ہیں جس کی وجہ سے اخباری صنعت کو شدید مسائل کا سامنا ہے، واجبات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ایک طرف تو اخباری صنعت سے وابستہ ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں تو دوسری جانب پرنٹنگ کے اخراجات کی عدم ادائیگی کے باعث پرنٹنگ پریس نے کئی اخبارات کی چھپائی کا عمل روک دیا ہے جس نے اخبار مالکان کی مسائل میں دو چند اضافہ کر دیا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 24 AUG 2022 Page No. 17

## سیلابی ریلے میں بہہ جانیوالے نوجوان کی لاش مل گئی

پشین (نامہ نگار) پشین کے سرحدی علاقے کلی سید کلاں اجرم کے سیلابی ریلے میں بہہ جانیوالے نوجوان کی لاش تین دن بعد افغانستان کے سرحدی ضلع شوراوک سے ملی۔ تفصیلات کے مطابق پشین کے علاقے کلی سید کلاں اجرم میں تین دن قبل طوفانی بارش کے دوران سیلابی ریلے میں سید رحمت اللہ نامی نوجوان بہہ گیا جس کی لاش گزشتہ روز پاکستان کے ساتھ ملحقہ افغانستان کے سرحدی علاقے شوراوک سے نکالی گئی اور گزشتہ شب اپنے آبائی علاقے سید کلاں اجرم منتقل کردی گئی۔

## گلستان میں فائرنگ کے واقعات میں ایک شخص جاں بحق 5 زخمی

گلستان (نامہ نگار) گلستان میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ خاتون بچے سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گلستان میں کار پر فائرنگ کے نتیجے میں محمد حیات عمران زئی ولد محمد صدیق عمران زئی سکنہ کلی عمران زئی موقع جاں بحق جبکہ اس کے تین ساتھی زخمی ہوگئے۔ دریں اثناء گلستان بازار کے قریب بارات میں جانے والی والی گاڑی پر مخالف فریق نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں خاتون وبچہ زخمی ہوگیا۔

## ہرنائی کے علاقہ گچینہ میں دو گروپوں کے تصادم میں فائرنگ سے خاتون زخمی

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی کے گچینہ میں دو گروپوں کے درمیان تصادم فائرنگ ایک خاتون ران میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوئی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تصادم کی وجہ پرانی دشمنی بتائی گئی مزید تفتیش ہرنائی پولیس کررہی ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ‘ 20 روز میں 14 چور گرفتار‘ 17 کلو چرس برآمد

### 104 مسروقہ موبائل فون قبضہ میں لئے گئے اندھے قتل کے دو کیسوں میں تین ملزمان کو گرفتار کیا گیا ایس پی آپریشن صدر

کوئٹہ (این این آئی) ایس پی آپریشنز صدر ڈویژن عادل عامر نے کہا ہے کہ صدر ڈویژن میں ایک ماہ کے دوران اندھے قتل کے دو واقعات کو حل کرلیا گیا ہے، جرائم پیشہ 4 گروہوں کے 14 ارکان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، رواں ماہ 17 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، لینڈ مافیا، بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

کے خلاف دو مقدمات درج کے لئے 9 افراد گرفتار کیا گیا، 14 اگست پر ہلڑ بازی کرنے والے 157 افراد گرفتار کرکے 22 گاڑیاں اور 37 موٹر سائیکلیں تحویل میں لی گئیں، یہ بات انہوں نے منگل کو صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صدر ڈویژن پولیس نے سماج دشمن عناصر کیخلاف یکم اگست سے 20 اگست تک خصوصی مہم کے دوران شہر بھر میں چوریاں کرنے والے 4 گروہوں کا سراغ لگا کر 14 افراد کو گرفتار اور دو چوری شدہ گاڑیں آٹھ موٹر سائیکل 104 موبائل فونز برآمد کئے مہم کے دوران قتل کے دو کیسوں کا سراغ لگا کر تین ملزمان حراست میں لئے منشیات کے گیارہ کیسز میں سترہ کلوگرام سے زائد منشیات قبضے میں لی عادل عامر نے مزید بتایا کہ اسلحہ برآمدگی کے گیارہ کیسز میں نو پستول دو کلاشنکوف تین پسٹل کی گولیاں اور ایس کلاشنکوف کی گولیاں برآمد کیں انہوں نے کہا کہ یوم آزادی کے موقع پر صدر ڈویژن پولیس نے 58 مقدمات درج کرکے 157 افراد کو گرفتار کیا جبکہ 22 گاڑیاں 37 موٹر سائیکلیں دو کلاشنکوف اور ایک پستول بھی تحویل میں لیا گیا ایس پی صدر ڈویژن نے مزید کہا کہ مہم کے دوران 24 مقدمات میں مطلوب 358 ملزمان گرفتار کیے گئے ہیں اس کے علاوہ 18 اشتہاری اور 5 مفرور ملزمان کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



Daily: MASHRIQ QUE...

Bullet No. 5 Dated: 24 AUG 2022 Page No. 20


# قلعہ عبداللہ: توبہ اچکزئی گوال کے متاثرین مطالبات کے حق میں سراپا احتجاج

**100 کے قریب زرعی ٹیوب ویلز کے شمسی سلور اور دیگر قیمتی سامان پانی میں بہہ جانے کے باوجود حکومت کی جانب سے متاثرین کی کوئی امداد نہیں ہوئی جو سراسر ناانصافی ہے**

**ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا، دعووں اور اعلانات کے باوجود ہمیں کچھ بھی نہیں دیا جا رہا، حکومت نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کر دیں گے، شمس الدین غیبزئی کی مشرق سے گفتگو**

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) توبہ اچکزئی گوال کے بارشوں سے متاثرہ افراد نے عدم بحالی کیخلاف کوئٹہ چمن شاہراہ قلعہ عبداللہ بازار کے مقام پر بند کر دیا جس سے دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، اس موقع پر مقررین نے کہا کہ توبہ اچکزئی جو گزشتہ 40 دنوں سے شدید طوفانی بارشوں کے زد میں ہے میں دو بڑے ڈیمز ٹوٹنے سے وہاں کی ہزاروں ایکڑ زمین جس پر پھلدار باغات اور دیگر فصل کاشت تھے مکمل طور پر تباہ ہو گئے، 100 کے قریب زرعی ٹیوب ویلز کے شمسی سلور اور دیگر قیمتی سامان پانی میں بہہ جانے کے باوجود حکومت کی جانب سے متاثرین کی کوئی مدد نہیں کی گئی، انہوں نے کہا کہ گوال کے علاقے میں 200 سو رہائشی گھر موجود ہیں جس میں ہر گھر کو ایک کروڑ سے 3 کروڑ تک مالی نقصانات ہوئے ہیں دوسری جانب علاقہ کا چمن اور قلعہ عبداللہ سے تاحال آمدورفت کا راستہ بند ہے حکومت کی جانب سے سڑکیں بحال کرنے کیلئے ابھی تک کسی قسم کی مشینری فراہم نہیں کی گئی ہے حالانکہ سیلاب متاثرین نے مالی امداد کیلئے بار بار پی ڈی ایم اے اور مقامی انتظامیہ سے رابطہ کیا ہے لیکن کسی نے بھی خیریت دریافت کرنے تک کی زحمت گوارا نہیں کی اور نہ ہی راشن اور دیگر امدادی اشیاء متاثرین کو دی گئی ہیں، انہوں نے کہا کہ علاقے کے لاپتہ ایم پی اے ایم این اے کی جانب سے صرف تصویروں کی حد تک بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں جبکہ زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں، علاقے کے ہزاروں متاثرین کھلے آسمان تلے امداد کے منتظر ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نے مجبور ہو کر احتجاج کی راہ اختیار کی ہے، توبہ اچکزئی گوال کے معروف زمیندار حاجی شمس الدین غیبزئی نے احتجاج کے موقع پر علاقے کی مشکلات سے مشرق کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ توبہ اچکزئی گوال کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے جسے سیلاب نے ملیامیٹ کر دیا ہے ہمارے باغات اور فصلات 100 فیصد ختم ہو چکی ہیں جس کے سبب زمینداروں کی مشکلات میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے سرکاری راشن اور مالی امداد کے حقدار ہم لوگ ہیں لیکن ایم پی اے ایم این اے پی ڈی ایم اے اور حکومت کی امداد کا ہمارے پاس نام و نشان تک نہیں ہم اپنے مطالبات کیلئے جب ہم کسی بھی سے رابطہ کریں تو ہمیں مایوسی کے سوا کوئی چیز نہیں ملتی، ہم نے مجبور ہو کر احتجاجاً کوئٹہ چمن شاہرہ کو بلاک کر دیا انہوں نے کہا کہ ہمارے علاقے میں امدادی کارروائیاں شروع نہ ہوئیں تو بلوچستان اسمبلی کا گھیراؤ کے دھرنا دیں گے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 AUG 2022 Page No. 21


## وفاق سیلاب زدگان کی مکمل بحالی کیلئے پر عزم ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سے اہم ملاقات کی جس میں وفاقی حکومت سے متعلق بلوچستان کے امور وفاقی منصوبوں کے لیے فنڈز کے بروقت اجراء صوبے میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات اور امدادی سرگرمیوں کے علاوہ تعمیر نو اور نقصانات کے ازالے کے مرحلے میں وفاقی حکومت کی معاونت پر بات چیت کی گئی ملاقات کا انعقاد وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر کیا گیا ملاقات میں وفاقی وزراء مولانا عبدالواسع سردار اسرار ترین آغا حسن بلوچ میر ہاشم نوتیزئی سینیٹر محمد عبدالقادر چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی وفاقی سیکریٹری پلاننگ اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری پی اینڈ ای بلوچستان بھی موجود تھے ملاقات میں وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل بلوچستان کے منصوبوں کے فنڈز کے بروقت اور فوری اجراء سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا اور بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے بنیادی ڈھانچہ کی تعمیر نو اور متاثرین کی بحالی میں وفاقی حکومت کی معاونت پر بھی تبادلہ خیال ہوا وزیراعلیٰ نے بلوچستان میں وفاقی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز کے اجراء میں سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت کا تعاون ناگزیر ہے ور وفاقی منصوبوں کے لیے فنڈز کے بروقت اجراء سے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم وزیراعظم کے شکر گزار ہیں کہ وہ بلوچستان کی ترقی سیلابی صورتحال اور مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں اس موقع پر وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے بھرپور معاونت کی ہدایت کی ہے انہوں نے یقین دلایا کہ بلوچستان کے وفاقی منصوبوں کے لیے فنڈز کے بروقت اجراء کو یقینی بنایا جائے گا اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے اور تعمیر نو کے مراحل میں بھی وفاقی حکومت بھرپور معاونت فراہم کریگی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی مدد میں کسی بھی قسم کا تعطل یا غفلت کسی صورت منظور نہیں، سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے، سیلاب متاثرین کو خیموں، اشیاء خورد ونوش اور صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور متاثرین کو فوری طور پر 25 ہزار روپے فی خاندان فلڈ ریلیف کیش پہنچانے کا انتظام کیا جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں حالیہ بارشوں کے سلسلے کے نتیجے میں سیلابی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا اور متاثرہ علاقوں میں جاری امدادی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنانے کی فوری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے، سیلاب متاثرین کو خیموں، اشیاء خورد ونوش اور صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ متاثرین کو فوری طور پر 25 ہزار روپے فی خاندان فلڈ ریلیف کیش پہنچانے کا انتظام کیا جائے، سیلاب متاثرین کی مدد میں کسی بھی قسم کا تعطل یا غفلت کسی صورت منظور نہیں۔ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت کا تعاون ناگزیر ہے ور وفاقی منصوبوں کے لیے فنڈز کے بروقت اجراء سے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم وزیراعظم کے شکر گزار ہیں کہ وہ بلوچستان کی ترقی سیلابی صورتحال اور مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں وزیراعظم نے واضح ہدایت کی کہ مشترکہ سروے کی تکمیل اور مکمل بحالی تک سیلاب متاثرین کی فوری مدد میں کسی قسم کی کسر نہ چھوڑی جائے اور سیلاب سے متاثرہ انفراسٹرکچر کو متاثرہ جگہوں تک امداد پہنچانے کیلئے بحال کیا جائے۔ وزیراعظم نے این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے بلوچستان حکومت اور وزارت منصوبہ بندی کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعظم کو بلوچستان میں حالیہ بارشوں کے سلسلے کے نتیجے میں سیلاب سے نقصانات اور جاری ریسکیو و ریلف آپریشن سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ ملاقات میں وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور وزیر برائے اقتصادی امور سردار ایاز صادق اور متعلقہ اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ سیلاب متاثرین کی مدد میں کسی بھی قسم کا تعطل یا غفلت کسی صورت منظور نہیں، سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے، سیلاب متاثرین کو خیموں، اشیاء خورد ونوش اور صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور متاثرین کو فوری طور پر 25 ہزار روپے فی خاندان فلڈ ریلیف کیش پہنچانے کا انتظام کیا جائے۔

## پاک فوج سیلاب متاثرین کی ہر ممکن امداد جاری رکھے گی

کور کمانڈر بلوچستان آصف غفور نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ عوام کو پاک فوج کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گی مشکل کی اس گھڑی میں عوام انتظامیہ کو ہمیشہ درمیان پائیں گے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے گزشتہ شب کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سیلاب کی صورتحال اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لئے ہزارہ ٹاؤن کا دورہ کیا اس موقع پر آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل امیر اجمل، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ، ڈی آئی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے رکن اسمبلی و سیکرٹری اطلاعات قادر نائل، رکن مرکزی کونسل داود چنگیزی اور ہزارہ برداری کے دیگر معززین بھی موجود تھے کور کمانڈر بلوچستان آصف غفور نے ہزارہ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سیلاب کی صورتحال اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور لوگوں میں گھل مل گئے۔ انہوں نے علاقے کے درپیش مسائل اور حالیہ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے متعلق آگاہی حاصل کی اور ہر ممکن امداد کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر انہوں نے علاقہ مکینوں سے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ عوام کو پاک فوج کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور مشکل کی اس گھڑی میں عوام انتظامیہ کو ہمیشہ اپنے درمیان پائے گی۔ کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے اس عزام کا اعادہ کیا کہ پاک فوج سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد جاری رکھے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Aakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 22


# سیلاب کی تباہ کاریاں اور سیاسی قیادت کی بے حسی

بلوچستان میں سیلاب اور بارشوں کا سلسلہ رکنے میں نہیں آ رہا۔ صوبائی دارالحکومت میں ڈیم اوورفلو ہونے کے بعد سیلابی ریلہ آبادیوں میں داخل ہوگیا۔ جس سے ہزارہ ٹاؤن اور اردگرد کی آبادیوں کو شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ کچلاک اور اس کے ملحقہ دیہات بھی زیر آب آ چکے ہیں جبکہ بارشوں کا سلسلہ نہ رکنے کے باعث صوبے کے 25 سے زائد اضلاع میں صورتحال مزید سنگین ہوچکی ہے۔ زیارت میں قبل از وقت برفباری کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا ہے۔ صوبائی حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی ادارے ایک ہفتے کے لئے بند جبکہ محکمہ صحت میں ہنگامی حالت نافذ کردی گئی ہے۔ وزیراعظم نے سیلاب کی تباہ کاریوں اور متاثرین کی امداد بحالی اور ریسکیو کے لئے آرمی چیف جنرل قمر باجوہ اور چیئرمین این ڈی ایم اے سے ٹیلی فونک رابطے کئے ہیں' آرمی چیف نے بتایا کہ کمانڈر سدرن کمانڈ کو بلوچستان میں امدادی کارروائیوں کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں' وزیراعلیٰ نے وزراء اور ارکان اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں پہنچ کر امدادی اور ریسکیو سرگرمیوں کی نگرانی کریں اور متاثرین کی فوری ضروریات سے آگاہ کریں۔ صوبائی مشیر داخلہ لانگو نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں سیلابی ریلہ آبادیوں میں داخل ہونے سے بڑے پیمانے پر نقصانات کا خدشہ ہے۔ صوبے کے اندرونی علاقوں میں سیلاب کے باعث شاہراہوں اور لنک روڈ سے رابطے منقطع ہوچکے ہیں صوبے میں سیلاب کی اس بدترین صورتحال میں جب زمینی رابطے برقرار رکھنا مشکل ہوتا جارہا ہے فضائی آپریشن ناگزیر ہوچکا ہے وزیراعظم نے اسی حوالے سے آرمی چیف سے رابطہ کیا ہے تاکہ صوبے میں بڑے پیمانے پر فضائی آپریشن کے ذریعے ریلیف اور ریسکیو آپریشن کو آگے بڑھایا جاسکے۔ پاکستان کی تاریخ میں اس بدترین سیلاب نے لاکھوں افراد کو بے گھر کردیا ہے۔ نصیرآباد ڈویژن میں آبادیاں زیر آب آنے کے بعد متاثرہ خاندان شاہراہ کے دونوں اطراف آکر بیٹھ گئے ہیں جہاں ان کے سروں پر کوئی سایہ تک نہیں۔ عورتیں اور بچے اپنے سروں پر بھاری سامان اٹھاتے ہوئے ایک سے دوسری جگہ منتقل ہورہے ہیں تاکہ ان کی جانیں محفوظ رہ سکیں۔ بدقسمتی سے اس المناک صورتحال میں ہم بحیثیت قوم بے حسی کا شکار نظر آتے ہیں عوام اور میڈیا سیلاب کی تباہ کاریوں اور انسانی المیے کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے صرف سیاست کے کھیل میں مگن ہیں حکومت اور اپوزیشن کے قائدین اور دیگر رہنما کو سیاسی بیانات تقریروں اور دھمکیوں' بڑھکوں' اور نعروں سے فرصت نہیں۔ سیاسی قائدین کے دھواں دھار بیانات دن رات آتے رہتے ہیں لیکن سیلاب زدگان کے مصائب اور مشکلات کی طرف کسی کا دھیان نہیں ہے' یہ بے حسی اور بے ضمیری کی انتہا ہے۔ جو سیاسی قیادت اور جو قوم اس انسانی المیہ پر بھی نہ جاگ سکی اس سے کیا توقعات وابستہ کی جاسکتی ہیں۔ وطن عزیز کی سیاسی قیادت کے لئے یہ شرم کا مقام ہے کہ جب خوفناک سیلاب انسانی آبادیوں کو نگل رہا ہے لاکھوں لوگ کھلے آسمان تلے بے بسی اور کسمپرسی کی تصویر بنے بیٹھے ہیں ان کے پاس کھانے کے لئے روٹی اور سر چھپانے کی جگہ تک نہیں ایسے میں سیاسی اجتماعات' جلسے جلوس' میلے اور ریلیاں نکالی جارہی ہیں' زندہ باد مردہ باد کے نعرے لگائے جارہے ہیں ایک دوسرے کو ملک دشمن غدار چور ڈاکو قرار دیا جارہا ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اقتدار بچانے اور اپنے سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے ایک دوسرے کے خلاف برسرپیکار ہیں اس انسانی المیے نے بحیثیت قوم ہمارا کھوکھلا پن اور بے حسی بے نقاب کردی ہے۔

## بلوچستان: ترقیاتی منصوبے، سیلابی تباہ کاری اور ڈونرز کانفرنس کا فیصلہ!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں طوفانی بارشوں اور سیلاب کے باعث جنم لینے والے حالات غیر معمولی حد تک تشویشناک ہیں اور ہر چند کہ حکومت، انتظامیہ اور متعلقہ وفاقی و صوبائی محکمے متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں پاک فوج سول انتظامیہ کی بھرپور معاونت کر رہی ہے اور وفاقی اور صوبائی حکومتیں سیلاب زدگان کی امداد و بحالی کے لئے نہ صرف یہ کہ سنجیدہ ہیں بلکہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے اور ہر ممکن حد تک جانے کے عزم کا اعادہ کر رہی ہیں لیکن جس وسیع پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں انہیں دیکھتے ہوئے وسائل کی کمی آڑے آ رہی ہے یہی وجہ ہے کہ وفاقی حکومت نے سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی کے لئے ڈونرز کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ بین الاقوامی اداروں کو ملک میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر بریفنگ دی جائے اور انہیں وفاقی و صوبائی حکومتوں کی جانب سے جاری ریلیف اور بحالی کی کاوشوں سے آگاہ کیا جائے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے تباہ حال بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور تعمیر نو کے عمل میں وفاقی حکومت صوبائی حکومت سے بھرپور تعاون کرے گی جبکہ ڈونرز کانفرنس کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے چیف سیکرٹری کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات کی اور انہیں بلوچستان میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کے باعث جنم لینے والے غیر معمولی حالات سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے وزیراعظم کو بلوچستان میں سیلاب کی صورتحال اور تباہ کاریوں سے آگاہ کرتے ہوئے درخواست کی کہ بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں کی دوبارہ بحالی کے لئے صوبائی حکومت کی معاونت کی جائے انہوں نے وزیراعظم کو بلوچستان میں جاری وفاق کے ترقیاتی منصوبے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا اور وفاقی منصوبوں کی فنڈنگ کو تیز تر اور بہتر بنانے کے لئے اقدامات اٹھانے کی بھی درخواست کی۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے وزیراعلیٰ کو یقین دہانی کرائی کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے ہر ممکن معاونت فراہم کرے گی این ڈی ایم اے کو پہلے ہی بلوچستان میں امداد و بحالی کی سرگرمیاں تیز کرنے کی ہدایات ہیں وزیراعظم میاں شہباز شریف سے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس کی ملاقات میں بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے حوالے سے جاری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کے سیلاب زدگان کی دوبارہ بحالی کے لئے ڈونرز کانفرنس بلانے کے فیصلے پر بھی اتفاق کیا جبکہ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مخیر حضرات سے پرائم منسٹر فلڈ ریلیف فنڈ میں دل کھول کر عطیات جمع کرانے کی اپیل کی ہے بلوچستان حکومت نے اپنے طور پر بھی متاثرین کی امداد کے لئے فنڈ قائم کیا ہے ڈونرز کانفرنس کی بات کی جائے تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ڈونرز کانفرنس بلانے کا فیصلہ اور اعلان اہمیت کا حامل اور بروقت اقدام ہے ڈونرز کانفرنس کا مقصد اور مطلب یہ نہیں کہ خدانخواستہ حکومت صورتحال سے نمٹنے میں ناکام ہوئی ہے بلکہ جس وسیع پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں ان نقصانات سے نمٹنے کے لئے نہ صرف صوبائی حکومتوں بلکہ خود وفاق کے پاس بھی وسائل کی کمی ہے وسائل کی کمی کو خاطر خواہ میں لائے بغیر حکومتی سطح پر متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیاں تیزی اور جوش و جذبے کے ساتھ جاری ہیں خود وزیراعظم شہباز شریف مسلسل امداد و بحالی کی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے ہیں فلڈ ریلیف، کوآرڈی نیشن، مالیاتی پیکج، امداد و بحالی تمام امور پر کام ہو رہا ہے لیکن جس وسیع پیمانے پر تباہی ہوئی ہے اور مجموعی انفراسٹرکچر کو جو نقصانات پہنچے ہیں ان کے ازالے اور تعمیر و ترقی کے اقدامات کو تیز تر اور ثمر آور بنانے کے لئے ضروری ہے کہ حکومت ڈونرز سے رابطہ کرے یہ اچھا اقدام ہے جس سے امداد و بحالی کی جاری سرگرمیوں کو تیز تر کرنے میں مدد اور معاونت ملے گی باقی جہاں تک صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تعلق ہے تو یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ بلوچستان ملک کے باقی حصوں سے قدرے پیچھے اور پسماندہ رہا ہے اس صورتحال کے ازالے کے لئے پچھلے چند برسوں سے ہر مالی سال کے وفاقی ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان کے لئے خاطر خواہ منصوبے رکھے جا رہے ہیں بہت سارے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں بہت سے منصوبوں پر ہنوز کام جاری ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ پہلے سے جاری منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے فنڈز کے بروقت اجراء کو یقینی بنایا جائے اور بلوچستان حکومت کی تجاویز پر اگلے مالی سال کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں مزید منصوبے شامل کئے جائیں گزشتہ روز وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے نہ صرف وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی بلکہ انہوں نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سے بھی ملاقات کی اس ملاقات میں وفاقی وزراء اور بلوچستان کے اراکین قومی اسمبلی بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے۔ اس ملاقات میں سیلابی صورتحال کے ساتھ ساتھ ترقیاتی پروگرام پر بھی بات ہوئی اس ملاقات کی تفصیلات میں جائیں تو ملاقات میں وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل بلوچستان کے منصوبوں کے فنڈز کے بروقت اور فوری اجراء سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا اور بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے بنیادی ڈھانچہ کی تعمیر نو اور متاثرین کی بحالی میں وفاقی حکومت کی معاونت پر بھی تبادلہ خیال ہوا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم وزیراعظم کے شکر گزار ہیں کہ وہ بلوچستان کی ترقی سیلابی صورتحال اور مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں تاہم انہوں نے بلوچستان میں وفاقی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز کے اجراء میں سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت کا تعاون ناگزیر ہے اور وفاقی منصوبوں کے لیے فنڈز کے بروقت اجراء سے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جا سکتا ہے اس موقع پر وفاقی وزیر نے بلوچستان کی ترقی کے لیے بھرپور معاونت اور وفاقی منصوبوں کے لئے فنڈز کے بروقت اجراء کی یقین دہانی کرائی ہم اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ نہ صرف وفاقی حکومت بلوچستان میں حالیہ دنوں جنم لینے والے غیر معمولی حالات سے نمٹنے کے لئے بلوچستان حکومت کے ساتھ بھرپور معاونت کرے گی متاثرین کی امداد و بحالی اور متاثرہ علاقوں میں تعمیر و ترقی کے سفر کو جاری و ساری رکھا جائے گا بلکہ اسکے ساتھ ساتھ جیسا کہ وزیراعظم اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے یقین دہانی کرائی ہے بلوچستان میں وفاقی پی ایس ڈی پی کے تحت جاری سکیمات کی تکمیل کے لئے فنڈز کے بروقت اجراء کو بھی یقینی بنایا جائے گا اور اس حوالے سے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی تاکہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنا کر صوبے کی مجموعی ترقی خوشحالی اور استحکام کے سفر کو تیز تر کیا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 24

# بلوچستان اور جنوبی پنجاب میں آفت، ڈونر کانفرنس ایک اچھا فیصلہ

بلوچستان میں کئی روز سے جاری موسلا دھار بارشوں اور سیلابی صورتحال نے ہر طرف تباہی مچادی ہے، سیلابی ریلوں میں بہہ کر دو معصوم بچوں سمیت 9 افراد جاں بحق اور 7 افراد لاپتہ ہوگئے، تاہم کراچی کوئٹہ شاہراہ 8 روز بعد عارضی طور پر بحال کردیا گیا ہے۔ بلوچستان کے بیشتر بالائی علاقوں میں سیلابی صورتحال برقرار ہے، ہرنائی چاروں جانب سے سیلاب کے گھیرے میں ہے، پیر کی شام افغانستان سے آنے والے سیلابی ریلوں نے نوشکی، قلعہ عبداللہ اور چاغی میں تباہی مچادی، نوشکی کے 7 دیہات ان سیلابی ریلوں میں ڈوب گئے، درجنوں مکانات کو نقصان پہنچایا۔ چمن، پشین، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ میں سیلابی ریلے تیار پھلوں کے باغات اور کھڑی فصلیں اپنے ساتھ بہالے گئے اور کسان حسرت بھری نظروں سے اپنی دنیا کو برباد ہوتے دیکھتے رہ گئے۔ دیہی علاقوں میں رابطہ سڑکیں بہہ گئیں اب بھی کئی دیہات کا رابطہ منقطع ہے، قلعہ سیف اللہ کے شدید متاثرہ علاقے خشنوب کے سیلاب متاثرین ایک بار پھر سیلاب کی زد میں آگئے، 100 سے زائد پریشان حال خاندانوں کے لیے خیمہ بستی ضلعی انتظامیہ نے قائم کی مگر بھوک یہاں بھی سیلاب متاثرین کا مقدر بنی رہی، امداد سے محروم متاثرین بالآخر مایوس ہوکر اپنے تباہ حال مکانوں میں لوٹ گئے۔ دوسری جانب قلعہ سیف اللہ کی ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ خیمہ بستی میں متاثرین کو خوراک کی فراہمی پی ڈی ایم اے کی ذمہ داری ہے، تاہم وسائل کی کمی کے باعث ضلع بھر کے متاثرین کو تیار کھانا فراہم کرنا اُن کے بس میں نہیں ہے، قلعہ عبداللہ کی رابطہ سڑکوں کو عارضی بحالی طور پر بحال کردیا گیا ہے، صوبے کی دیگر سڑکوں پر عارضی گزرگاہیں بنا کر یہاں پھنسی ٹریفک کو بحال کردیا گیا ہے۔ پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں دوبارہ بارش کا امکان ہے، صوبے میں سڑکوں کی بحالی اور ریلیف آپریشنز کا ہنگامی بنیادوں پر آغاز کردیا گیا ہے، مون سون کے نئے اسپیل سے قبل متاثرہ شاہراہوں پر عارضی گزرگاہیں بنائی گئی ہیں۔ کمشنر داود خلجی اوتھل، بیلہ، لنڈا ایل کے مقامات پر عارضی ڈائیورشن بنا دیا گیا ہے، کمشنر قلات ڈویژن کا کہنا ہے کہ کراچی اور کوئٹہ میں پھنسی ٹرانسپورٹ بحال کردی گئی ہے۔ افغانستان سے کراچی جانے والے ایک ہزار سے زائد کنٹینرز بھی روانہ کیے ہیں، بارش شروع ہونے سے پہلے تمام گاڑیاں کلیئر کرنے کی کوشش ہے۔ بلوچستان کا پنجاب اور کے پی کے سے زمینی رابطہ ساتویں روز بھی بحال نہ ہوسکا، پی ڈی ایم اے کے مطابق این 50 قومی شاہراہ دھاناسر اور فورٹ منرو پر ٹریفک کے لیے بند ہے، دھاناسر، فورٹ منرو میں دوبارہ کئی مقامات پر لینڈ سلائیڈنگ ہوئی ہے تاہم راستے میں پھنسے تمام مسافروں کو نکال لیا گیا۔ فورٹ منرو میں اتوار کو دو مقامات پر پہاڑ بیٹھ گیا، بلوچستان سے پنجاب جانے والے 2 ہزار سے زائد ٹرک، چھوٹی گاڑیاں فورٹ منرو میں پھنسی ہوئی ہیں۔ ویجیٹیبل یونین کا کہنا ہے کہ پیاز، ٹماٹر و دیگر سبزیوں کے 200 سے زائد ٹرک فورٹ منرو میں پھنسے ہیں، پیاز اور ٹماٹر اب استعمال کے قابل نہیں رہے۔ ڈرائیوروں کے مطابق پہاڑی علاقوں میں کھڑے ٹرکوں میں پڑے پیاز بوریوں میں دوبارہ اگنے لگے ہیں، ٹرکوں میں لوڈ انگور خراب ہوگیا ہے، کروڑوں کا نقصان ہوا ہے۔ دوسری جانب حکومت نے سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی کیلئے ڈونرز کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اجلاس ہوا جس میں سیلاب متاثرین کی مدد اور بحالی سے متعلق امور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ حکومت نے سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی کیلئے ڈونرز کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ بین الاقوامی اداروں کو ملک میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر بریفنگ دی جائے اور بین الاقوامی اداروں کو وفاقی و صوبائی حکومتوں کی ریلیف اور بحالی کی کوششوں سے آگاہ کیا جائے۔ وزیراعظم نے مخیر حضرات سے پرائم منسٹر فلڈ ریلیف فنڈ میں دل کھول کر عطیات جمع کرانے کی اپیل کی۔ وزیراعظم نے 40 ہزار خیمے اور ایک لاکھ راشن کے پیکٹس فوری متاثرہ علاقوں میں بھیجنے کی ہدایت کی اور کہا کہ سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی اور آبادکاری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے ڈونر کانفرنس بلانے کا فیصلہ انتہائی خوش آئند اقدام ہے کیونکہ اس کے بغیر نقصانات کا ازالہ ممکن نہیں اور نہ ہی معمولات زندگی کو بحال کیا جاسکتا ہے۔ اس وقت بلوچستان اور جنوبی پنجاب میں تو صورتحال بہت زیادہ خراب ہے لوگ بے یارومددگار پڑے ہوئے ہیں ان کا سب کچھ سیلاب نے چھین لیا ہے، ان کے پاس چھت بھی نہیں رہی ہے جانی و مالی نقصان اس قدر ہوا ہے کہ بعض علاقے مکمل تباہ ہوگئے ہیں مگر وہاں تک رسائی نہ ہونے کی وجہ سے صورتحال پوری طرح سامنے نہیں آرہی یقیناً اس بحرانی کیفیت سے نمٹنے کے لیے ڈونر کانفرنس ہی بہتر آپشن ہے بشرطیکہ متاثرین کو ان کا جائز حق مل سکے، رقم کرپشن کی نذر نہ ہوجائے اور اس میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے۔ امید ہے کہ صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ مل کر متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرکے ان کی زندگیوں کی رونقیں دوبارہ بحال کرے گی یقیناً جانی نقصان کا تو نعم البدل نہیں اس پر سب افسردہ ہیں مگر مالی حوالے سے ان کے مستقبل کو مزید تباہی سے بچایا جاسکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 AUG 2022 Page No. 26

# Food shortage

The devastation caused by monsoon floods is far worse than anyone could have predicted. The death toll, which has risen to 225 in Balochistan, is still escalating every day. Following incessant heavy downpours and forecast of more rains and floods, the provincial government has announced closure of all education institutions. By and large, entire Balochistan is in the throes of floods. Reports of devastation take time to come out of most parts due to their remoteness. The second phase of floods has further compounded the problems and woes of people in Balochistan. Owing to massive rains and flooding on Sunday dozens of houses and shops collapsed while flood water entered the houses of different localities. The heavy downpours brought life in Quetta city to complete standstill. All major highways connecting Balochistan with the rest of the country and inter-district is still inundated and is closed for all kinds of vehicles. The advisory issued by the NHA spokesperson stated that Karachi-Quetta National Highway (N-25) is completely closed for traffic as Linda Bridge at Lasbela was washed away by flash floods. Separately, Ratodero-Gwadar Motorway (M-8) was closed at Wangu Hills in Khuzdar. Traffic was also suspended on Dera Ismail Khan-Quetta National Highway (N-50) from Zhob-Dhanasar sentient, while Qila Saifullah-Multan National Highway (N-70) was closed at Fort Munro. The closure of all main highways during the past many days has caused a food shortage in the flood hit areas. The traders said that due to closure of Quetta-Karachi and Quetta-Punjab highways, the supply of daily commodities has stopped and there might be a food shortage in Quetta also. Heavy rains and floods have destroyed dozens of bridges on Quetta-Taftan highway, Quetta Sibi and many other districts which are dependent on Quetta for supply of food items are still disconnected though the authorities concerned are making all out efforts to revive traffic on highways. It is essential that the government and local administration must expedite their efforts to restore traffic on highways and ensure supply of daily commodities to the people marooned in far flung areas of the province. Most of the districts of Balochistan are already facing difficulties in getting basic amenities such as drinking water and food, however after recent devastating floods a large number of people particularly children and women are exposed to food shortage and diseases. No doubt after such a huge devastation in the province it is a big challenge for the province to restore highways, and help flood affectees yet the government must ensure to control food shortage and spread of diseases.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 AUG 2022 Page No. 28


## سیلاب میں تیرتی لاشوں پر کب تک خاموش رہا جائے گا؟


عادل شاہ زیب


پاکستان کی سیاست میں گزشتہ چھ ماہ سے ایک بھونچال سا برپا ہے۔ حالات میں جو بھی ٹھہراؤ آتا ہے وہ عارضی ثابت ہو رہا ہے۔

ایک جانب ایک درجن اتحادی جماعتوں پر مشتمل حکومت ہے جسے ایک مشکل سیاسی اور معاشی بحران سے نمٹنا ہے تو دوسری جانب مد مقابل عمران خان ہیں؟ جو یہ اٹل فیصلہ کر چکے ہیں کہ ان کے بیانیے اور سیاست میں میڈیا یا کوئی ادارہ ان کے ساتھ ہے تو ٹھیک ورنہ وہ کسی کو چین سے بیٹھنے نہیں دیں گے۔

ممنوعہ فنڈنگ کیس کے فیصلے کے بعد سے تحریک انصاف اور عمران خان پر یکے بعد دیگر مقدمات بنتے جا رہے ہیں۔ شہباز گل کے متنازع انٹرویو نے چند روز تو پی ٹی آئی کو بیک فٹ پر دھکیل دیا تھا لیکن اس کے بعد دو جلسوں میں عمران خان نے ایک بار پھر اپنی تقریروں سے کارکنان کو یہ واضح پیغام دیا کہ حاضر سروس افسران ہوں یا جج، ہمارے خلاف جو فیصلہ آئے گا ان سب کو نتائج بھگتنا پڑیں گے۔

حکومت سے رخصت ہونے کے بعد عمران خان کی ایسی تقاریر روزمرہ کا معمول بن چکی ہیں اور یہ تاثر انتہائی تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے کہ عمران خان جو کہیں یا کریں، کوئی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

عمران خان کی گرفتاری کی خبروں کے بعد ہزاروں کارکنان یہ نعرے لگاتے ہوئے بنی گالہ پہنچے کہ عمران خان ہماری ریڈ لائن ہے۔ سابق وفاقی وزیر امور کشمیر علی امین گنڈا پور تو یہاں تک کہہ گئے کہ اگر عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو کارکنان اسلام آباد پر قبضہ کر لیں گے۔

ریاستی ادارے ہوں، میڈیا یا پھر عدلیہ سب کو کھل کر دھمکیاں مل رہی ہیں۔ ملک میں عدم استحکام بڑھتا جا رہا ہے۔ خدانخواستہ ایک حادثہ ایسی آگ لگا سکتا ہے جس کے نقصان سے کوئی بچ نہیں پائے گا۔

بظاہر اب یہ لگ رہا ہے کہ ریاستی اداروں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے اور عمران خان کے ٹکراؤ کے بیانیے کے آگے اب مکمل بند باندھنے کا فیصلہ ہو چکا ہے۔

سابق وزیر اعظم کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں خاتون جج کے بارے میں بیانات پر ان کے خلاف توہین عدالت کا سنجیدہ کیس بن چکا ہے۔

اسی طرح چیف الیکشن کمشنر کے بارے میں بار بار گفتگو بھی عمران خان کے گلے پڑ چکی ہے۔

تحریک انصاف اب ایک ایسے بھنور میں داخل ہو چکی ہے جہاں ایسی سنگین غلطیوں کی اب گنجائش باقی نہیں رہی۔

اگر پی ٹی آئی کا ایک دھڑا اداروں کے ساتھ مزید ٹکراؤ کی سیاست کا سلسلہ جاری رکھتا ہے تو یہ اس کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ عمران خان اس وقت مقبولیت کی انتہا پر ہیں۔ لیکن ان کی طرز سیاست اور بیانیہ اگر اسی طرح ملک میں عدم استحکام بڑھاتا رہا تو سنجیدہ ووٹرز اور سپورٹرز ان سے دور ہوتے جائیں گے، جو اس امید سے ان کا ساتھ دے رہے ہیں کہ عمران خان ایک ایسا نیا پاکستان بنائیں گے جہاں ملکی سالمیت اور ترقی اولین ترجیح ہوگی نہ کہ اقتدار۔

اقتدار کے خاتمے کے بعد ان کی سیاست ابھی تک یہی تاثر دے پائی ہے کہ مجھے اقتدار میں واپس لاؤ ورنہ یہ ملک نہ آگے چل پائے گا اور نہ ہم اسے آگے چلنے دیں گے۔

اس تمام صورت حال کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں شدید بارشوں نے سیلاب برپا کر رکھا ہے۔ سندھ، بلوچستان، جنوبی پنجاب، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے کئی اضلاع سیلاب کے نرغے میں آ چکے ہیں۔

لاشوں کی دلخراش اور دل دہلا دینے والی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آ رہی ہیں۔ لاکھوں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہو چکی ہیں اور ہزاروں لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔

لیکن المیہ یہ ہے کہ ملکی میڈیا اس تباہی کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہا۔ اس وقت مجھ سمیت زیادہ تر صحافی حضرات کے لیے اہم سوال یہ بنا ہوا ہے کہ شہباز گل نے جیل میں کیا کھایا کیا پیا اور عمران خان اگلی دھمکی کس کو دینے جا رہے ہیں۔ سیلاب زدگان کی بدحالی دکھانے سے ریٹنگز نہیں آئیں گی اور نہ ہی چٹ پٹی ہیڈ لائنز نکل پائیں گی لیکن سیلابی ریلوں میں تیرتی ہوئیں لاشوں پر کب تک خاموش رہا جائے گا۔

سنا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے سنگین صورت حال کے باعث سوموار کو کئی گھنٹے طویل اجلاس منعقد کیے جن میں سندھ اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ نے بھی شرکت کی، لیکن اس وقت معاملہ اجلاسوں سے کنٹرول نہیں ہوگا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو ملک بھر میں ایمرجنسی نافذ کر کے سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے خود سیلابی پانیوں میں اترنا پڑے گا۔

عمران خان صاحب سے بھی گزارش یہی ہے کہ کم از کم تین چار دن سیاسی سرگرمیاں معطل کر کے سیلاب متاثرین کا دورہ کریں تو انہیں اندازہ ہو کہ اس وقت سیاست سے زیادہ ضروری سیلاب متاثرین کی بحالی ہے۔

# سیاست چمکانے کی بجائے سیلاب متاثرین کی بحالی اولین ترجیح ہونی چاہیے



کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں۔ سیلابی پانی نے جہاں انفراسٹرکچر کو تباہ کیا ہے وہاں جانی و مالی نقصانات کے ساتھ ساتھ لوگوں کے گھر، فصلیں، مال مویشی، ڈیمز، سڑکیں اور پل بھی بہا کر لے گیا ہے۔ جانی نقصان سینکڑوں میں ہے۔ ایک اندازے کے مطابق حالیہ بارشوں اور سیلاب کے باعث ترقی کے لحاظ سے بلوچستان 50 سال پیچھے چلا گیا ہے۔ انفراسٹرکچر کی ازسرنو تعمیر میں سالوں لگ جائیں گے۔ اربوں روپے کا نقصان حالیہ بارشوں و سیلاب کے باعث بلوچستان میں ہوا ہے، ناقص میٹریل کے استعمال اور بے ترتیب حکمت عملی و پلاننگ نے صوبے کے مختلف اضلاع میں انفراسٹرکچر کو تنکے کی طرح اڑا کر رکھ دیا۔ بلوچستان کافی دنوں سے سندھ اور پنجاب سے بھی کٹا ہوا ہے، ریلوے لائنیں بھی سیلابی پانی اپنے ساتھ لے گیا ہے جس کی وجہ سے ریلوے اور زمینی رابطہ بھی کئی دنوں سے منقطع ہونے کے باعث کافی مشکلات کا سامنا رہا ہے تاہم چار دن بعد ریلوے آپریشن دوبارہ شروع ہوا جس پر لوگوں نے سکھ کا سانس لیا تاہم بارشوں اور سیلاب کے باعث دو دن بعد دوبارہ ریلوے آپریشن بند کر دیا گیا۔ حکومتی سطح پر متاثرین تک امدادی اشیاء پہنچانے کے دعوے تو کئے جا رہے ہیں لیکن اکثر علاقوں سے ان تک امدادی اشیاء اور خیمے نہ پہنچنے کی متاثرین کی طرف سے شکایات بھی آ رہی ہیں جبکہ صوبے کے اکثر اضلاع سے یہ رپورٹس بھی آ رہی ہیں کہ سیلاب زدہ علاقوں میں وبائی امراض بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں جن کے لئے ادویات اور طبی عملے کی ضرورت بڑھتی جا رہی ہے۔ اسی طرح مواصلات کے رابطے منقطع ہونے کے باعث اس بات کا بھی خدشہ پیدا ہو گیا ہے کہ دیگر صوبوں سے آنے والی غذائی اجناس کی قلت ہو سکتی ہے؟ بلوچستان کی موجودہ حکومت اس آفت سے نمٹنے کے لئے وفاقی حکومت کی طرف دیکھ رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے صورتحال کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اسلام آباد میں ڈیرے ڈال دیئے ہیں جہاں انہوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سمیت دیگر حکام سے الگ الگ ملاقاتیں کیں اور انہیں بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے غیر معمولی نقصانات کے حوالے سے تفصیلاً آگاہ کیا۔ اپوزیشن اور حکومتی ارکان نے مشترکہ طور پر بلوچستان اسمبلی کے حالیہ اجلاس میں امداد کیلئے 60 ارب روپے کی ڈیمانڈ سے متعلق ایک قرارداد منظور کی ہے اسکے علاوہ بلوچستان حکومت نے سیلاب متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے "بلوچستان فلڈ ریلیف اینڈ ری ہیبلیٹیشن فنڈ" کے نام سے امدادی فنڈ بھی قائم کیا ہے اور اندرون ملک و بیرون ممالک میں مخیر حضرات سے عطیات کی اپیل کی ہے۔ دوسری جانب پاک افواج جو کہ پہلے سے ہی بلوچستان میں سیلاب زدگان کی امداد اور بحالی کیلئے صوبائی حکومت کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چل رہی ہے گزشتہ دنوں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے بلوچستان میں سیلابی صورتحال میں پاک فوج کی معاونت میں مزید اضافے کی ہدایت سے بھی جہاں امداد میں جڑے اداروں کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے وہاں بلوچستان کے عوام میں بھی پاک افواج کے ان اقدامات کو پذیرائی مل رہی ہے جو کہ ایک خوش آئند بات ہے جبکہ نئے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے کوئٹہ شہر کے مضافاتی علاقوں ہزارہ ٹاؤن، اے ون سٹی سمیت دیگر متاثرہ علاقوں میں خود جا کر امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ صوبے کے سیاسی حلقے اور سیاسی مبصرین میں اس بات پر بھی سخت تشویش پائی جاتی ہے کہ صوبائی حکومت کی طرف سے آنے والی امداد کو بھی سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے بعض اضلاع میں اس بات کو شدت سے محسوس کیا گیا ہے کہ اقتدار میں بیٹھے سیاسی لوگ یہ امداد ان لوگوں تک پہنچانے میں رکاوٹیں ڈال رہے ہیں جو کہ ان کے سیاسی مخالفین ہیں جس کے لئے وہ اپنے اپنے حلقوں میں ضلعی انتظامیہ پر بھی دباؤ ڈال رہے ہیں اور یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ امدادی اشیاء ضلعی انتظامیہ ان کی مرضی کے بغیر تقسیم نہیں کر سکتی کیونکہ انتظامیہ کے اہلکار ان کی سفارش پر ان کے حلقوں میں تعینات ہیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق بلوچستان اس وقت سخت مشکل میں ہے، بعض سیاسی لوگ اس مشکل اور مصیبت کی گھڑی میں بھی سیاسی اسکور کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ ایسے عمل کی مخالفت کرے اور انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے پسند اور ناپسند کی بنیاد پر امداد کی فراہمی کے اس رویے کو تبدیل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کرے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق موجودہ صوبائی حکومت ان لوگوں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لانے کیلئے اقدامات اٹھائے جنہوں نے صوبے میں گزشتہ 30، 40 سال کے دوران انفراسٹرکچر خواہ وہ ڈیمز ہوں، پل کی تعمیر ہو، سکولوں و کالجز، اسپتالوں کی بلڈنگز ہوں سرکاری آفس ہوں میں ناقص میٹریل استعمال کیا جس کی وجہ سے آج صوبے کا تقریباً 90 فیصد انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا۔



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 24 AUG 2022 Page No.________



کوئٹہ' قائمقام گورنر جمالی' وزیراعلیٰ بزنجو' کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور کو دورہ پی ڈی ایم اے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے



کوئٹہ' قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی سے
مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو
پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کوئٹہ' صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ اور رکن اسمبلی قادر نائل بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں